THE YOUTH PARLIAMENT OF PAKISTAN

VERBATIM REPORT

Saturday, May 09, 2009
SESSION FOUR

CONTENTS

1. Recitation from the Holy Qura'an
2. Calling Attention Notices
3. Resolutions
4. Motion

The Youth Parliament of Pakistan met in the Margala Hotel, Islamabad, on 09th April, 2009 at nine thirty in the morning with Madam Deputy Speaker (Miss Kashmala Khan Durrani) in the Chair.

Recitation of Holy Quran

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاۗءٌ مِّنْ نِّسَاۗءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ۔

ترجمہ :اے ایمان والو ایک قوم سے دوسری قوم سے ٹھٹھا نہ کرے عجب نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے ٹھٹھا کریں کچھ بعید نہیں کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور ایک دوسرے کو طعنے نہ دو اور نہ ایک دوسرے کے نام دھرو فسق کے نام لینے ایمان لانے کے بعد بہت برے ہیں اور جو باز نہ آئیں سووہی ظالم ہیں۔ اے ایمان والو بہت سی بدگمانیوں سے بچتے رہو کیوں کہ بعض گمان تو گناہ ہیں اور ٹٹول بھی نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی سے غیبت کیا کرے کیا تم میں سے کوئی پسند کرتا ہے کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے سواس کو توتم ناپسند کرتے ہو اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا نہایت رحم والا ہے۔ ا ے لوگو ہم نے تمہیں ایک ہی مرد اور عورت سے پیدا کیا ہے اور تمہارے خاندان اور قومیں جو بنائی ہیں تاکہ تمہیں آپس میں پہچان ہو بے شک زیادہ عزت والا تم میں سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا خبردار ہے۔

سورۃ الحجرات (آیت 11 تا 13)

Madam Deputy Speaker: جزاک اللہ۔

The first on the agenda today is the resolution by Mr. Ahmed Noor. At present he is not here we move to item No.2 on the agenda which is a resolution by Mr. M. Essam Rehmani, Zameer Malik and Mr. Abdullah Zaidi.

Mr. Essam Rehmani: I just like to point out that this is a motion, not a resolution.

"This House may discuss the impact and consequences of the strike on 12the May called in Karachi the economic hub of Pakistan. This House is also of the opinion that this strike may precipitate into ethnic clashes and racial profiling on the part of the political parties that have called the strike."

Honourable Speaker, another strike, another day of death and destruction. 12th May Karachi strike will quickly degenerate into violence. Vehicles and properties being damaged, paralyze public transport, tripled industry and other commercial activities. Exams postponed, educational institutions closed, daily wage earners affected the most, the people who earn on daily basis. Karachi Chamber of Commerce and Industry has estimated that one strike in the Karachi city comes in economic loss of over one billion rupees. The financial impact of such shut downs in the part of the city will be followed a chain reaction throughout the country. Other more damages will be cause during the strike. اگر ان لوگوں نے اپنی strike کو اتنا کامیاب کرنا تھا یا اپنے شہیدوں کو یاد کرنے کے لیے strike کی جا رہی تو مگر ان کے لیے قرآن خوانی کراتے ، نہ کہ strike call کرتے جس سے economic, property losses ہوتے ہیں it is about a time that we don't show power and nobody would have benefited out of this. These are some of the consequences and the impacts of the strike. جہاں تک ethnic clashes and racial profiling کی بات ہے تو ضمیر ملک صاحب could be more able to explain this part of motion. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی ضمیر صاحب۔

جناب ضمیر ملک: میڈم سپیکر! میں چاہوں گا کہ میں اپنی باری پر بات کروں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب عبداللہ زیدی صاحب۔ ثفیان بجاڑ صاحب۔

جناب ثفیان بجاڑ: شکریہ میڈم ڈپٹی سپیکر۔ میں ایصام صاحب سے agree کروں گا کہ کراچی کی ایک دن کی strikeسے بہت زیادہ financial damage ہوتی اور daily wagesپر لوگوں کی جو employment ہے وہ بہت affectہوتی ہے لیکن میرا سوال یہ ہے کہ دو سال پہلے 12th May کو کراچی میں جو کچھ ہوا کہ ایک ایسی پارٹی MQM جو ابھی گورنمنٹ میں ہے، وہ ایک طرف تھی اور سارے پاکستان کی پارٹیاں دوسری طرف تھیں۔ وہاں جو killings ہوئیں، اس کے لیے definitely MQM responsible ہے اور اس کو strike callکرنے کی ضرورت بھی نہیں تھی۔ اب لوگ کیا کریں کہ حکومت بھی MQM کی ہے اور strikeبھی اس نے دوسروں کے ساتھannounce کر دی ہے۔یہاں پر MQMکی condemnationکی ضرورت تھی کہ وہ ہی violence پھیلا رہے ہیں۔ وہ ہی violence کرتے ہیں، وہ ہی situation exploitکرتے ہیں اور جہاں تک دوسروں ANP جماعت اسلامی، پیپلز پارٹی کی بات ہے، وہ تو اب وہاں پر minority میں ہیں، ان کو تو gun point پر انہوں نے hostage بنا لیا ہے۔ اس hostage takeover کو روکنے کے لیے لوگوں کو protest کا rightدینا پڑے گا اور لوگوں کا حق ہے کہ جس دن چاہیں وہ protestکر سکتے ہیں۔ اگر کسی communityکے لوگ ان کی حمایت کرتے ہیں اور ایک دن کا اپنا financial lossبرداشت کرنے کو تیار ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے and they should be given a chance to protest. MQM کی جو گورنمنٹ میں ہے اس کو میں پھر condemnکروں گا اور میں تو کہتا ہوں کہ ہمیں Election Commission کو recommendکرنا چاہیے کہ جو بندہ پندرہ سال سے پاکستان میں آیا ہی نہیں، جس نے دیکھا ہی نہیں کہ پندرہ سال سے پاکستان میں کیا ہو رہا ہے، he should not be allowed to take part in Pakistan’s politics. Thank you very.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Honourable Farrukh Jadoon.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Honourable Khalil Tahir.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Honourable Ahmed Javaid.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Honourable Dhanesh Kumar.

Madam Deputy Speaker: Let this list end and then we will you a chance to raise your points of order.

Honourable Fawad Zia.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Honourable Waqas Aslam Rana.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Honourable Niaz Mustafa.

جناب فرخ جدون: میڈم سپیکر! بہت شکریہ۔ ایم کیو ایم نے بارہ مئی کو جو کیا اور اس کے بعد ہمیں جو کرنا چاہیے تھا، وہ نہیں کیا گیا اس پر ایک شعر یاد آ رہا ہے

رسم الفت ہی اجازت نہیں دیتی ورنہ
ہم تمہیں ایسا بھولیں کہ سدا یاد کرو

اس ملک میں بہت بڑا مسئلہ ہے کہ جو بندہ شلوار قمیض پہن کر بات کرے، چاہے وہ ٹھیک بات بھی کر رہا ہو تو اس کو شک کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

میں آج اس ایوان کو استعمال کرتے ہوئے یہ بات کہنا چاہوں گا کہ جینز پہننے والے جو طالبان ہیں، ان کو بھی پکڑا جائے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

انہوں نے 12 May, 2007 کو اس ملک کے ساتھ جو کچھ کیا، انہیں بھی اس extremismکی سزا ملنی چاہیے اور ہمیں اس بارہ مئی کی ریلی کو منعقد کرنا چاہیے اور ان جینز پہننے والے طالبان کو وہاں روکنا چاہیے، چاہے وہ جتنی بھی تعداد میں ہوں۔ میں اس سلسلے میں بجاڑ صاحب کی بات سے اتفاق کروں گا کہ ہر بندے کو کسی بھی peaceful rally منعقد کرنے کا حق ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب خلیل طاہر: شکریہ میڈم سپیکر۔ بارہ مئی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے۔ اس دن Chief Justice of Pakistan کو Airportپر چند دہشت گردوں نے محصور کر دیا۔ انہوں نے وہ جو وکلاء اور عدلیہ کی تحریک تھی، اس کو کچلنے کے لیے یہ سارا ڈرامہ رچایا۔ میرے دوستوں بات کی کہ کراچی میں پاکستان کی economyبہت متاثر ہوتی ہے، میں ان سے پوچھتا ہوں کہ دو دن پہلے یہاں پر ایک resolution move ہوئی تھی جس میں سب نے MQB کے کردار پر تنقید کی تھی کہ کراچی کے امن و امن کو تباہ کرنے کی ذمہ دارMQMہے۔ اس دن بھی پوری پاکستان کی سیاسی جماعتیں ایک طرف تھیں، ایم کیوایم نے دہشت پھیلائی، لوگوں میں خوف پیدا کیا۔ پہلے ہم نے ان پر تنقید کی تھی کہ وہ کراچی کے امن و امن تباہ کرنے کی ذمہ دار ہے اور آج آپ کہتے ہیں strikeنہیں ہونی چاہیے، ہڑتال ہوگی، آپ ان کو برا بھلا کہیں گے، انہیں احساس ہو گا کہ ہماری غلطی ہے۔ اگر آپ اتنا بڑا سانحہ بھول جاتے ہیں تو یہ دوبارہ ایسا کام کریں گے۔ جو لوگ غلط کام کرتے ہیں ان کو بتانے کے لیے ہم ایک دن، ایک دن کی اکانومی قربان کر سکتے ہیں۔ ان کا جو برا کام ہے ہمیں اس کی مذمت کرنے چاہیے اور یہ strikeہر صورت ہونی چاہیے تاکہ ان کو پتا چلے کہ ہماری غلطی تھی۔ یہ نہ صرف کراچی بلکہ پورے پاکستان میں ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب احمد جاوید: شکریہ محترمہ سپیکر صاحبہ۔ میرا خیال ہے strike calls کی بات ہو رہی ہے تو اس سے آپ محض اپنی economic activity stopکررہے ہیں اور دوبارہ ایک ایسا ماحول createہونے کا chance ہے کہ جس سے دوبارہ ویسا ہی violenceہو جو دو سال پہلے بارہ مئی کو ہوئی۔ میرا خیال ہے اس سے زیادہ effectiveیہ چیز ہو گی کہ گورنمنٹ یا ان parties کے levelپر میرا خیال ہے کہ ان parties کو recognize کرنا چاہیے کہ اگر یہ اس اپنے شہید ہونے والوں کو یاد کرنا چاہتے ہیں تو ان کے پسماندگان کی فلاح کے لیے پارٹی فنڈ قائم کریں، کوئی ان مدد کریں، ان کے رشتہ داروں کو rehabilitate کرنے کی کوشش کریں اور national level پر ان parties کے representatives کے بیچ میں صلح کے لیے کوششیں ہونی چاہییں۔Strike callمحض economic activityتباہ کرنے کا بہانہ ہے، ملک میں دوبارہ violence promoteکرنے کا بہانہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس کو ہم strongest possible words میں condemnکرتے ہیں ۔

جناب دھنیش کمار: شکریہ میڈم سپیکر۔ اختلافی رائے رکھنا جمہوریت کی خوبصورتی ہے ۔ Freedom of expression of views ہر کسی کا حق ہے۔ بارہ مئی جو MQM کے خلاف بہت بڑی سازش تھی، جب بھی آپ enquiry کرتے ہیں تو ایک simple چیز دیکھی جاتی ہے کہ who was the last beneficiary of this event. آپ سب کو یاد ہو گا کہ بارہ مئی سے پہلے MQM was just ready to be extended in all over the country. پنجاب، بلوچستان، سرحد میں ان کے offices set ہو چکے تھے۔ It was a conspiracy جو بارہ مئی کو MQMکے خلاف کی گئی، اس کے officesبند کروائے گئے and it was a looser of the 12th May.اس میں کسی ایک پارٹی کے نہیں، سب پارٹیوں کے کارکن اور عام شہری شہید ہوئے ہیں۔ اس کی judicial enquiry کے لیے MQMنے بھی demandکی ہے۔ ساری پارٹیوں کو مل کر enquiryکروانی چاہیے، ہمارے ہاں آزاد عدلیہ ہے، تنقید کرنے سے کچھ نہیں ہو گا۔ آزاد عدلیہ ہے، کیس داخل کریں، سب لوگ مل کر اس کی enquiryکروائیں۔ اس میں جو بھی مجرم ثابت ہوگا وہ سزا کے لائق ہے۔ اس کے علاوہ strike کی بات کی کہ MQMنے اعلان کیا ہے، میرے بھائی میں سب کو واضح کرنا چاہتا ہوں کہ MQM was not the first to call the strike. Last year, ANPنے strikeکا اعلان نہیں کیا تھا، پچھلے سال بارہ مئی آرام سے گزر گیا۔ANP کو last year کیوں یاد نہیں آیا۔ اس کے علاوہ MQM نے بارہ مئی کی strikeکو supportکیا ہے not announced by the MQM اس نے ANP کو supportکیا ہے اور یہ بات record کہی ہے کہ اگر ANPاس strikeکو واپس لے لے تو we are fist to call it end. یہ صرف supportکی گئی ہے to stop the ANP to take the political advantage.

اس کے علاوہ اس بات پر کوئی دوسری رائے نہیں ہے کہ کراچی میں امن ہونا چاہیے، یہ بہت resolutionہے۔ I appreciate the mover of this resolution. کراچی کو mini Pakistanکہا جاتا ہے، یہ سب پاکستانیوں کا شہر ہے، کسی ایک گروپ کا نہیں ہے۔ اس شہر میں اگر ایک دن کی strikeہو تو پاکستان کے لے بہت بڑا نقصان ہے۔ مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے ممبران یوتھ پارلیمنٹ گھر سے سوچ کر آتے ہیں کہ ہمیں کس کی مخالفت کرنی ہے۔ They are not talking on issue based. دو دن پہلے کہا گیا تھا کہ الطاف حسین بھائی نے انڈیا میں جا کر یہ بیان دیا ہے کہ پاکستان غلط بنا تھا۔ طالبان کے خلاف آرمی نے جو اپریشن کیا ہے، جس کو تمام پارٹیوں کی بھر پور support حاصل ہے۔ جس میں MQM, ANP, مسلم لیگ (ن)، مسلم لیگ (ق)، پیپلز پارٹی شامل ہیں۔ اس نے record پر TVکہا تھا کہ میں پاکستان بچانے کے لیے سوات میں ایک لاکھ کارکن بھیجنے کے لیے تیار ہوں ۔ اب یہاں پر کوئی اس کو appreciateکرنے کے لیے تیار ہے؟ کوئی گھر سے یہ سوچ کر نہ آئے کہ مجھے کس کی مخالفت کرنی ہے۔ آپ کی دشمن پارٹی کیوں نہ ہو، اگر issueپر پاکستان کی supportکرنی ہے then you will have to support that. This is issue politics. آپ یہ بھی سوچ سکتے ہیں کہ بھارت ہمیشہ ہمارے خلاف پراپیگنڈا کرتا آیا ہے۔ الطاف حسین نے کب پاکستان کی بات نہیں کی؟ آپ یہ بھی سوچ سکتے ہیں کہ بھارت کا میڈیا پاکستان میں انتشار پھیلانے کے لیےپراپیگنڈا کر سکتا ہے۔ میری سب بھائیوں سے گزارش ہےکہ we are all Pakistaniہم تو کہتے ہیں کہ بلوچستان، سرحد میں بھی بھارت اور امریکا ہے۔ بنگلہ دیش کو بھی ہم نے بھارت اور امریکا کا الزام لگا کر الگ کروایا۔ میرے بھائیو! یہ 71 ٹائم ہے، میں آج بتا دیتا ہوں position is of the 1971.اس میں کوئی شک نہیں کہ اس میں باہر کے ممالک اس میں involveہیں لیکن ہمارے local peopleان کو inviteکرتے ہیں۔ ہم اس ناانصافی کو ختم کریں، اپنی جو غلطیاں ہیں، ان کو دیکھیں، انصاف لائیں اور پاکستان کی جو چار اکائیاں ہیں، ان کو مضبوط کریں۔ جس طرح کل احسن اقبال صاحب نے کہا تھا کہ آپ ایک دس یا سو منزلہ عمارت بناتے ہیں تو اگر اس کی بنیاد کمزور ہو گی تو اوپر کی عمارت گر جائے گی تو اس لیے ہمیں صوبوں کو strongکرنے کی ضرورت ہے، اس سے ہی پاکستان بچے گا۔ یہی حل ہے کہ 1940کی قرارداد کے تحت 23مارچ کو ہم آج بھی چھٹی مناتے ہیں لیکن آج ہم اس پر عمل کرتے ہیں؟ نہیں کرتے۔ 1940کی جو قرارداد ہے، اس کے تحت ہم نے صوبائی خود مختاری نہیں دی۔ اس لیے پاکستان کو بچانے کا یہی واحد حل ہے۔ خدارا! پاکستان کو بچائیں اور issue based politicsکریں اور گھر سے سوچ کر نہ آئیں کہ کس کے خلاف بولنا ہے۔

(مداخلت)

جناب فواد ضیاء: شکریہ میڈم۔ پہلے تو میں اس امر کی تائید کرنا چاہوں گا کہ ہر پارٹی کو اپنے موقف کی حمایت میں peaceful strikeکرنے کا حق ہے۔ دوسرا میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جو staticsلیے گئے ہیں کہ تقریباً ایک دن خالی کراچی کا سائیٹ ایریا بند ہوتو تقریباً دو بلین روپے یومیہ کا نقصان ہو سکتا ہے اور یہ بھی بتانا ضروری ہے کہ ماضی میں حکومت کی طرف سے بھی جب کچھ فیصلے postponeکیے گئے تو ان کی وجہ سے

بڑی strikesہوئیں جس میں حکومت کے جو عام شہری کے ٹیکسوں کو استعمال کرتے ہوئے ایک دن میں تیرہ بلین روپے لگائے پھر بعد میں سول سوسائٹی کی جو movement تھی اس کے موقف کو تسلیم بھی کیا گیا۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ بالکل ان کو حق ہونا چاہیے۔ جیسا کہ میرے colleagueڈھنیش بھائی نے بتایا کہ پہلے جو strike ANP نے callکی تھی، اب ہم یہ کہیں کہ اس کی حمایت یا retaliationمیں MQMنے بھی اس کا ساتھ دیا لیکن اس بات کا جو negativeعنصر اس طرح portray ہوتا ہے کہ MQMنے مذاکرت میں ANPکو یہ کہا کہ اگر آپ strikeنہیں کریں گے تو ہم بھی نہیں کریں گے۔ اگر ایک فریق غلط ہے تو دوسرا بھی اس کے ساتھ retaliationوالی politicsکر رہا ہے۔ .Thank you madam Speaker

جناب وقاص اسلم رانا: شکریہ میڈم سپیکر۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ کراچی میں strikeکرنے سے بہت زیادہ economic loss ہو گا لیکن بنیادی سوال یہ ہے کہ اتنا بڑا جو واقعہ ہوا جو پورے ملک نے دیکھا، کراچی کے لوگوں نے experienceکیا، ابھی تک اس کی judicial enquiry کیوں نہیں ہوئی؟ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کی وفاق میں اور سندھ میں حکومت ہے تو میرے خیال میں یہ تھوڑی valid demand ہے کہ اتنے بڑے incidentکی judicial enquiry ہو۔ میری کسی ساتھی نے کہ کہا کہ آپ کیس دائر کریں، عدلیہ آزاد ہے لیکن میرے خیال میں یہ حکومت کی responsibilityہے کہ national levelکا ایک ایسا incident جس میں پوری دنیا میں پاکستان بدنام ہوا، اتنے بے گناہ پاکستانی اس میں شہید ہوئے تو یہ حکومت وقت کی ذمہ داری ہے کہ اس کی انکوائری ہو۔ Ascertainکیا جائے کہ اس میں کون involveتھا، یہ کیوں اور کیسے ہوا۔ یہ strike ANPیا جس نے بھی callہو، یہ strike callکرنا بالکل justifiedہےbecause اگر دو سال کے بعد بھی عام پاکستان کو یہ پتا نہیں کہ یہ کیوں ہوا، کیسے ہوا تو یہ ان کی حق ہے کہ وہ of course peacefully demonstrateکریں کہ حکومت ابھی تک اس پر کیوں کچھ نہیں کیا۔ دیگر examples بھی ہیں، بے نظیر کی assassination کی ابھی تک FIRہی رجسٹر نہیں ہوئی۔ ہم UNکے پاس تو گئے ہیں لیکن اس قتل کی ابھی تک FIRہی درج نہیں ہوئی تو جبnational and government levelپر اس طرح کے eventsہو ں گے تو عام population, political parties میں یہ feelingہو گی کہ گورنمنٹ انصاف مہیا کرنے میں sincereنہیں ہے اور بارہ مئی کا incident اتنا volatile ہے، اس میں اتنے ethnic issues involvedہیں، اس کی تو اگلے دن ہی enquiry کروانی چاہیے تھی۔ اب نئی diplomatic government آنے بعد بھی اس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی تو یہ ان پارٹیوں کا جو involvedتھیں، جنہوں نے strike call ہے، ان کابالکل expected and justified response ہے۔جب تک اس کی judicial enquiryنہیں ہو گی، اس طرح کی چیزیں settleنہیں ہوں گی۔ شکریہ۔

جناب نیاز مصطفےٰ: شکریہ جناب سپیکر۔ Houseکے تمام ممبران جانتے ہیں کہ جب بھی strikeہوتی ہے، وہ حکومت، کسی گروپ یا جو طاقتور ہو، اس کے خلاف ہوتی ہے۔ اس وقت جو government ruleکر رہی ہے، اس وقت بھی governmentمیں تھی۔ اس نے ہی ظلم ڈھائے، آج پھر حکومت میں موجود ہے۔ ایک سیاسی پارٹی نے strikeکا سوچا تو گورنمنٹ اس میں شامل ہو گئی تاکہ اس کی جو اصل روح ہے، اس کو ختم کیا جا سکے۔اب بنیادی طور پر strikeکا مقصد failہو چکا ہے، اب ہو نہ ہو۔ Strikeاب نہ ہو تو بہتر ہے کیونکہ غریبوں کو جو مسائل درپیش ہوں گے، وہ تو اس سے ختم ہوں لیکن یہ بات تو درست ہے کہ جب پچھلی دفعہ یہ incidentہوا، میں چیف جسٹس کے گرد و نواح میں جو قیامت برپا ہوئی تھی، وہ TV channels پر دیکھ رہا تھا، آج بھی وہ مناظر آج بھی میری نظر میں دوڑ رہے ہیں کہ کس طرح MQM کے جھنڈے اٹھائے ہوئے MQMکے لونڈے اپنے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں اٹھائے ہوئے پورے شہر میں دندناتے پھرتے تھے اور اس طرح سے غریب،معصوم اور بے گناہ لوگوں کا قتل عام کیا جا رہا تھا اور ساتھ یہ بھی کہا جا رہا تھا کہ جو بھی اس کے خلاف بولے گا، ہم اس کی گردن دبوچ لیں گے۔ سوال رہا قائدانہ صلاحیتوں کا تو یہاں ایک رکن نے بڑے جذباتی انداز میں کہا کہ قائد جو بھائی لوگ ہیں ، ہمارے ملک سےبڑے مخلص ہیں، ہم ان کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس ملک میں آئیں اور اپنے اخلاص کی یہاں تشہیر کریں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

رہا سوال ان کی اس offer کا ایک لاکھ لونڈے جو ہمارے پاس دہشت گرد موجود ہیں جو ہم وہاں بھیجنا چاہتے ہیں، ہم اس کو welcome کرتے ہیں ، جلدی بھیجیں، ہماری فوج کا نقصان ہو رہا ہے۔ یہ جو لونڈے ہیں وہاں مارے جائیں اور یہاں پاکستان کے شہری آرام کی زندگی گزار سکیں۔ یہاں بھائی لوگوں سے جان کی امان پانا ضروری ہے تو میں ایک شعر پر ختم کروں گا؛

زندگی اتنی بھی غنیمت نہیں جس کے لیے

میں اہل کم ظرف کی ہر بات گوارا کر لوں

Thank you.

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Deputy Speaker: Honourable Rafiq Wasan.

جناب رفیق وسان: شکریہ میڈم سپیکر۔ میرے دوستوں نے چونکہ کافی باتیں کر لی ہیں لیکن میں کچھ باتیں addکرنا چاہوں گا۔ جس طرح بلیو پارٹی سے میرے دوست نے کہا کہ الطاف صاحب یا MQM پاکستان سے بڑی مخلص ہے اور انہوں نے اپنے ایک لاکھ کارکن سوات بھیجنے کا اعلان کیا ہے، MQMکی dual approachسمجھ میں نہیں آتی کہ جب ملک میں judiciary restorationپر بات ہو رہی تھی تو اس وقت MQMکا clear stanceکہاں تھا اور اب جب طالبنائزیشن کو کراچی اور سندھ کے perspective میں exploit کیا جا رہا ہے تو purely linguistic perspectiveمیں دیکھا جا سکتا ہے کہ MQM اس issueکو کیوں کراچی اور سندھ کے حوالے سے ہوا دے رہی ہے۔ جیساکہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ MQM, ownership and resourcesکے issueپر اپنی politicsکر رہی ہے اور کراچی میں talibnizationکا کوئی issueنہیں ہے اور انہوں نے جو بارہ مئی کی strikeکی callدی ہے، یہ بات بھی سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ کیوں، کس وجہ سے اور کس کے لیے جب کہ وہ گورنمنٹ کا حصہ ہیں، انہوں نے یہ call کیوں دی ہے۔یہ ethnic clashes reinforceکرنے والی بات ہے کیونکہ پاکستان کی political historyمیں سندھ ہی وہ صوبہ ہے جہاں پر ethnic clashesکو وہاں کے لوگوں نہ بہت بھگتا ہے۔الطاف بھائی، MQMکو چاہیے کہ اگر وہ پاکستان، سندھ کے ساتھ مخلص ہیں، جو وہ ہر بار feudalism کی سیاست کرتے رہے ہیں تو ان کو چاہیے کہ وہ اس stance سے گریز کریں۔ Thank you.

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Muhammad Hamid.

جناب محمد حامد: شکریہ میڈم سپیکر۔ یوتھ پارلیمنٹ کی اطلاع کے لیے عرض کر دوں کہ میں بھی ایک پارٹی openکرنے کا ارادہ رکھتا ہوں جس کا انشاء اللہ مارچ میں telephonicافتتاح ہو گا کیونکہ اگر سات سمندر پار سے ہو سکتا ہے، ایک پارٹی کنٹرول ہو سکتی ہے اور ایک لاکھ کارکن کسی ایسی جگہ جہاں نہ کارکن نہ خود لیڈر گئے ہیں، وہ کس طرح یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ کسی جگہ ایک لاکھ کارکن بھیج کو وہ ان کی problems solveکر سکتے ہیں۔ جناب !ہڑتال تو ہو گی، ڈنیش کمار صاحب کہتے ہیں کہ گھر سے سوچ کر نہ آئیں، جب میں گھر جاتا ہوں تو میرے کزن، ان کے دوست جن کو بارہ مئی کو اور پچھلے دنوں پینتیس لوگوں کو شہید کیا گیا تو کیا میں گھر سے سوچ کر نہیں آوں گا کہ میں نے MQMبلکہ قاتلوں کی مخالفت کرنی ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب والا! میں ایک نظریاتی انسان ہوں اور یہاں پر اپنے نظریات کے مطابق بولتا ہوں، میں گھر سے سوچ کر آتا ہوں۔ جب میں بقول ان کے ٹی وی پر دیکھتا ہوں کہ انہوں نے جو ایک لاکھ کارکن سوات بھیجنے تھے، وہ انہوں نے بارہ مئی کو کراچی میں deployکیے، اس کے بعد انہوں نے مسیح کالونی میں deployکیے۔ اس لیے جب میں بولوں گا تو اپنے گھر سے ایک نظریہ بنا آوں گا، لوگوں کی باتیں سن کر اپنا نظریہ mouldنہیں کرتا۔ ہڑتال کے بارے میں بہت سے لوگوں نے بات کی کہ اس سے economic activity disturbہوتی ہے۔ جناب والا! ہڑتال سے صرف ایک دن کی activity disturbہوتی ہے لیکن اگر آپ broader contextمیں دیکھیں کہ بارہ مئی اور اس جیسے واقعات سے پورے کراچی کی دو سال سے economic activity disturbہوئی ہے، اس کا جواب کون دے گا۔ بھگت سنگھ نے کہا تھا کہ اونچا سننے والوں سنانا پڑتا ہے۔ جناب والا! Judicial enquiry, legal proceedingہوتی تو تب تو پٹھان بھائی اور ANPوالے ہڑتال کرنے میں غلط ہوتے لیکن آج تک کوئی انکوائری نہیں ہوئی بلکہ جو لوگ مرے ہیں اور پٹھانوں کا media trialہو رہا ہے کیونکہ میڈیا پر MQM اور الطاف بھائی کا holdہے ان کے خلاف میڈیا کچھ نہیں بولتا۔ اگر عمران خان کچھ بولتا ہے تو وہاں پر سائرن بج جاتا ہے یا حامد میر صاحب breakلے لیتے ہیں۔ ان چیزوں کو avoidکرنے کے لیے ہڑتال ہو گی، ہوگی اور ہو گی۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Deputy Speaker: Thank you. Honourable Zameer Malik.

جناب ضمیر ملک: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ میں بارہ مئی کے شہداء کو ایک شعر سے خراج تحسین پیش کروں گا؛

کوئی دم کی رات ہے، کوئی پل کی بات ہے
نہ رہے گا کوئی قاتل، نہ رہیں گی قتل گاہیں
میں زمیں کا آدمی ہوں، مجھے کام ہے زمیں سے
یہ لندن والے مجھے چاہیں یا نہ چاہیں
(ڈیسک بجائے گئے)

جناب! بات یہ کہ خلیل طاہر صاحب نے کہا کہ strikeہونی چاہیے اور ہمیں ایک دن کی قربانی دے دینی چاہیے۔ جناب! 1978میں جب APMSOبنی اس دن سے 1980 میں APMSO مہاجر قومی موومنٹ میں تبدیل ہوئی، اس دن سے آج تک روز قربانیاں دے رہے ہیں، روز کوئی چوہدری شاہد، کوئی نجیب احمد مارا جاتا ہے۔ آپ ایک دن کی قربانی کی بات کرتے ہیں، ہم دے دیں گے لیکن اس سے MQMکو کیا فرق پڑے گا۔ اس کا کوئی بندہ نہ مزدور ہے، نہ کسان ہے، نہ ہاری ہے، نہ وکیل ہے، نہ طالبعلم ہے۔ فرق تو جناب! ہمیں یا civil societyکو پڑے گا۔ پھر میرے بھائی ڈھنیش کمار نے بات کی کہ freedom of expressionہونی چاہیے، ہم نے کب روکا؟ جناب الطاف حسین صاحب ایک، ایک گھنٹہ ARY, GEO TVپر live press conferenceکرتے ہیں، ہم نے تو کبھی نہیں کہا کہ کیوں کرتے ہیں ، ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ان کا حق ہے۔ اگر ہم ان کو روکتے تو پھر آپ کہتے کہ ہم آزادی رائے پر قدغن لگا رہے ہیں۔ پھر آپ beneficiary of enquiry کہتے ہیں، کون beneficiaryتھا؟ آپ کہتے ہیں کہ سب سے زیادہ نقصان MQMکو پہنچا، جو پینتالیس لوگ مارے گئے، جن ما ؤں کےبچے، جن بہنوں کے بھائی، جن خواتین کے شوہر مارے گئے، آپ کو وہ نقصان نظر نہیں آ رہا کہ آپ کہتے ہیں MQMکو نقصان پہنچا، MQMپورے پاکستان میں پھیل رہی تھی۔ اگر MQMپورے پاکستان میں پھیل رہی ہے تو وکیلوں کے Karachi Bar Councilکے الیکشن میں MQMکبھی نہیں جیتی، طلباء کے الیکشن ہوتے ہیں، کبھی نہیں جیتی، کسانوں، وکلاء میں ان کا کوئی نمائندہ نہیں ہے۔ کہتے ہیں کہ ہم غریب لوگ ہیں، ہمارا تعلق متوسط طبقے سے ہے، مجھے بتائیں کہ کراچی میں ایک ادارے کے علاوہ کہاں آپ نے الیکشن یا ریفرنڈم جیتا ہے۔ اس کے باوجود بھی ہم آپ کو supportکرتے ہیں کہ آؤ سیاست کرو، منافقت نہ کرو۔ ہمارا MQMسے کوئی clashنہیں ہے اور آنے والی بارہ مئی کی ہڑتال کے ہم کیوں خلاف ہیں کیونکہ ایک طرف مہاجر مارا گیا، دوسری طرف پٹھان مارا گیا اور جب MQMکے علاقوں میں پٹھان یا ان کے علاقے مہاجر دکانیں بند کرائیں گے تو اس سے بہت بڑا clashہو سکتا ہے۔

ڈھنیش کمار بھائی نے کہا کہ judicial enquiryہونی چاہیے تو میں آپ کو وہ دن یاد کراتا ہوں جب بارہ مئی کی enquiryہو چکی تھی اور فیصلہ سنایا جانے والا تھا تو MQMکے کارکنوں نے Sindh High Court کا گھیراؤ کر لیا تھا اور کہا کہ ہم اپنے کاغذات جمع کرانے آئے ہیں تو پھر گھیراؤ کیوں کیا تھا کیونکہ جسٹس سمرمد عثمانی فیصلہ کر چکے تھے اور ایجنسیوں نے منع کر دیا تھا کہ فیصلہ نہ سنائیں۔ وہ فیصلہ MQMکے خلاف آ رہا تھا۔ آپ نے issue based politicsکی بات کی۔ بالکل issue based politicsہونی چاہیے، issueکی بات کریں۔ Issueکیا ہے؟ Issueیہ ہے کہ کراچی میں پٹھانوں کی دکانیں بند کرائی جا رہی ہیں اور کہا جا رہا ہے کہ یہ طالبان ہیں، جو پٹھان ہے، وہ طالبان ہے۔ پھر ڈھنیش کمار بھائی کا سندھ سے تعلق ہے، انہوں نے کہا کہ الطاف حسین بھائی نے کہا ہے کہ میں فاٹا میں ایک لاکھ کارکن فاٹا میں بھیجوں گا۔ میں الطاف حسین کو اس میڈیا کے توسط سے کہتا ہوں کہ جناب فاٹا میں کارکن نہ بھیجیں۔ اگر بھیجنے ہیں تو عراق، فلسطین اور افغانستان میں بھیجو جہاں مسلمانوں کو بے دریغ قتل کیا جا رہا۔ فاٹا میں اللہ کا کرم ہے پاکستان کی فوج نے اگر 1992 سے 1996تک تمہارے دہشت گردوں کا صفایا کیا تو فاٹا میں بھی ان دہشت گردوں کا صفایا ہو گا کیونکہ ہمیں پاکستان فوج کے ہر جوان اور آفیسر پر یقین ہے کہ وہ فاٹا سے دہشت گردوں کا خاتمہ کر کے چھوڑے گی۔ اگر آپ نے ایک لاکھ کارکن بھیجنے ہیں تو وہاں بھیجو جہاں آپ کا boss امریکا، اسرائیل اور انڈیا مسلمانوں کا قتل و غارت کر رہا ہے۔ آخر میں پھر یہ کہوں گا کہ خدا کے واسطہ ہے ہم MQMکو ہی نہیں ANPکو بھی کہہ رہے ہیں، تمام جماعتوں کو کہہ رہے ہیں کہ بارہ مئی کو کچھ بھی ہو سکتا ہے، کراچی میں اسلحہ پہنچ چکا ہے اس لیے MQMاور ANP دونوں بیٹھیں اور میں چاہوں گا کہ ہم یہاں ایک resolution passکریں کیونکہ وہ تاریخ کے شہید تھے، انہوں نے اپنے interestکے لیے جانیں نہیں دیں اور میں آپ کو یاد دلاتا ہوں جب گیارہ بج کر پچپن منٹ پر پہلی گولی چلی تو وہ لوگ بھاگ کر اپنے گھروں کو جا سکتے تھے لیکن کوئی کسی ٹرک کے نیچے اور کوئی کسی سڑک کے کنارے چھپا کھڑا تھا اور پانچ بج کر تیس منٹ پر

جب DSPالطاف حسین راجہ جن کو اب نہ جانے کہاں غائب کر دیا گیا ہے، وہ آئے اور انہوں نے لوگوں کو گرفتار کیا، اس وقت تک وہ لوگ گھر جا سکتے تھے لیکن چھ، سات گھنٹے تک وہ اس لیے کھڑے رہے کہ ان کی خواہش تھی کہ ہم کسی طرح ائرپورٹ تک پہنچ کر چیف جسٹس کا استقبال کریں۔ لہذا وہ جو مارے گئے ہیں ان کی یاد میں یہ دن قومی دن کے طور پر منایا جائے اور یہاں ایک resolution passکیا جائے کہ اس دن پاکستان کا جھنڈا سرنگوں رہے گا۔ بہت شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you.

Mr. Waqas Aslam Rana: Madam, point of order.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی وقاص صاحب۔

جناب وقاص اسلم رانا: میڈم ڈپٹی سپیکر! سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ یہ نسلی سیاست غلط ہے اور ہم اکثر نسلی سیاست کا پرچار کرنے والی پارٹیوں کو criticizeکرتے ہوئے خود ایسی باتیں کر جاتے ہیں جن میں ethnic bias نظر آتا ہے۔ میرے خیال میں یہ اسی sentimentکو ہوا دیتا ہے جس کو اس طرح کی پارٹیاں cash inکرتی ہیں، چاہے وہ MQMہو یا کوئی اور جماعت ہو جو کہ sectarianism or ethnic basisپر ووٹ حاصل کرتی ہے۔ ہم سب پاکستانی ہیں اور ہم سب کو realizeکرنا چاہیے کہ وہ شخص جو پاکستان میں بیٹھ کر نسل کی سیاست کرے گا ہو پاکستان کا اور ہمارا دشمن ہے اور اس کو ہرانے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے اندر اتنی harmony and confidenceلائیں کہ کسی نسل کے انسان کو پاکستان میں یہ feelنہ ہو کہ وہ یہاں پر second, third or fourth class citizenہے۔ اس طرح کی organizations صرف reactionپر cash in کرتی ہیں کیونکہ جب ان پر creak downکیا جاتا ہے تو یہ اس کو نسلی رنگ دیتی ہے اور جب بھی ان کے خلاف کوئی بات کی جاتی ہے تو اس کو بھی یہ نسلی رنگ دیتی ہیں اور اس سے یہ مسئلہ اور طول پکڑتا ہے۔ اگر یہ actively anti state activitiesمیںinvolvedنہیں ہیں تو ان کو برداشت کریں۔ آہستہ، آہستہ وہ ساری وجوہات جن کی وجہ سے ایک خاص ethnic groupکے لوگ ان کو supportکرتے ہیں، ان کا ازالہ کریں۔ چاہے وہ غربت ہو، تعلیم کی کمی یا شہر کے اندر certain locationsپر civic amenities کی کمی ہو، جب آپ ان سب چیزوں کو caterکرنا شروع کر دیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر کسی شہر میں بجلی، پانی، گیس اور لوگوں کے پاس روزگار موجود ہوتو کسی کو بھی بندوق اٹھا کر کسی دکان پر حملہ کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ بات یہ ہے کہ نسلی، مذہبی سیاست sectarianism ان سب کی roots poverty and inequalityپر basedہیں۔ جب بھی ہم ان پر یا اس طرح کی پارٹی پر تنقید کریں تو ہمیں یہ خیال رکھنا چاہیے کہ ہم خود ان کے بچھائے ہوئے جال، ان کے planکا حصہ نہ بن جائیں اور ہم تنقید میں اتنا آگے نہ چلے جائی کہ ایک خاص گروپ سے تعلق رکھنے والے تمام لوگ ---- feelکریں۔ Thank you.

Madam Deputy Speaker: Thank you. There are people who raised points of order before. Ahmed Gul Sahib, you will be the one and there will two or three people from the Green party. You have the time to speak now.

جناب احمد نور: میڈم سپیکر! جو ایک لاکھ کارکنوں کو بھیجنے کی بات کی گئی ہے میرا point of orderاس سلسلے میں ہے۔ میڈم سپیکر! ہم لوگ وہاں پر ان privateلشکروں سے پہلے ہی بہت تنگ ہیں، ان سے کہا جائے کہ وہ اپنے کارکن وہاں نہ بھیجیں کیونکہ اس سے حالات بہتر ہونے کی بجائے خراب ہو سکتے ہیں۔ Thank you.

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Deputy Speaker: Thank you. Anybody from the Green party?

(pause)

Madam Deputy Speaker: Anybody else from the Blue party wants to speak on this topic.

جناب فرخ جدون: میڈم! میں ایک بات کرنا چاہوں گا، جس طرح وقار بھائی نے بات کی، یہاں بارہ مئی کو جو کچھ بھی ہوا، بجائے اس بات کے کہ ہم کسی ایک پارٹی کو رگڑنا یا ان کے خلاف تنقید کرنا شروع کر دیں، کسی ایک کو اچھا ثابت کرنا شروع کر دیں، ہمیں اس بات پر بحث کرنی چاہیے کہ ان مسائل کو کس طرح حل کریں گے۔ یہاں پر ہمیں solution based politicsکرنی چاہیے اور ہمیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی بجائے کہ وہ MQM, PSF or PPSFیا جمیعت کا ہے، ہمیں یہاں پر issue discussکرنے چاہییں۔ میں سیکرٹریٹ سے بھی گزارش کروں گا کہ خدارا! اس طرح کے issuesکو سامنے نہ لائیں بلکہ ایسے issues کو سامنے لائیں جو اس قوم کو جوڑیں۔ اس کی بجائے قوم کو توڑنے والی باتیں ہو رہی ہیں کہ ایم کیوایم نے فلاں بات کی تھی، اب کر دی ہے تو اس کو معاف کیا جائے، اپنا دل بڑا کریں اور ان کو accommodateکریں۔ دنیا کے لیڈروں کو دیکھیں، لوگوں نے accommodateکیا ہے۔ آپ مارٹن لوتھر کنگ، جارج واشنگٹن، ابراھام لنکن کو دیکھیں، لوگوں نے accommodateکیا ہے evenنپولین جیسے ڈکٹیٹر نے لوگوں کو accommodateکیا ہے۔ آپ لوگوں کو accommodateکریں، ان کو ساتھ لے کر چلیں اور یہاں پر solution based politicsکریں، یہ کہیں کہ اس مسئلے کا حل یہ ہے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you.

جناب ضمیر ملک: میڈم سپیکر! اس کا solutionیہ ہے کہ یہاں پر ایک resolution passکیا جائے کہ بارہ مئی کو عام تعطیل کر دی جائے اور پاکستان کا جھنڈا سرنگوں ہو۔ میرے بھائی نے کہا کہ ان سے negotiateکریں تو ٹھیک ہے پھر فلسطین والوں کو اسرائیل مار رہا ہے، اس کے ساتھ ہاتھ ملا لو، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ امریکا کے ساتھ بھی ہاتھ ملا لو اور اپنے لوگ مرواتے رہو۔تیس سال سے تو negotiateکر رہے ہیں اور اگر اب بھی یہ لب نہ کھلے، میں جانتا ہوں کہ فرخ صاحب کے شاید کسی رشتہ دار کے ساتھ کراچی شہر میں ایسا سلوک ہوا ہو لیکن ہم نے اس شہر میں اپنے رشتہ داروں کے جنازے اٹھا، اٹھا کر تنگ آ چکے ہیں۔ اب یا تو ہمارا جنازہ اٹھے جائے تا کہ یہ روز روز کی کہانی ختم ہو۔ بہت شکریہ۔

جناب نیاز مصطفٰے: میڈم! جدون صاحب نے بڑا اچھا اخلاقی لیکچر دیا، میں اس سے بڑا متاثر ہوا ہوں لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب کسی کے گھر ڈاکہ پڑتا ہے تو اس کو کسی نہ کسی کے پاس انصاف کے لیے جانا ہوتا ہے، اس کے خلاف آواز اٹھانی ہوتی ہے۔ یہ نہیں کہ کوئی کہے کہ اب تو ہو گیا ہے، خیر ہے۔ ایسی بات نہیں ہے بلکہ اس طرح یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہمیں اکٹھے بیٹھ کر solutionکے حوالے سے بات کرنی چاہیے، انہیں بھی بلانا چاہیے کہ آپ نے یہ کیا، آپ کا یہ قصور بنتا ہے جس کی آپ کو سزا ملے گی اور یہ commitmentکریں کہ آئندہ آپ اس قسم کی نازیبا حرکتیں نہیں کریں گے۔لہٰذا صرف اخلاقی لیکچر سے کسی کو impressکرنے پر ہم اتفاق نہیں کرتے۔

جناب فرخ جدون: سب سے پہلے تو میں ضمیر صاحب کی بات کا جواب دوں گا۔ ایسا نہیں ہے کہ کسی سے آپ کو خون کا رشتہ ہو تب ہی آپ کو دکھ پہنچتا ہے۔ مجھے تو اس قوم کے ہر بچے، ہر بوڑھے کا دکھ پہنچتا ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

میرے بھائی، بہنیں میرے اپنے صوبے میں مر رہے ہیں۔ سوات میں میرے کتنے دوست شہید ہو چکے ہیں۔ نیاز مصطفٰے بھائی نے بہت اچھی بات کی۔ مجھے ایک شعر یاد آیا ہے۔

میں نا امیدی کا قائل تو نہیں ہوں لیکن
میں نے برسات میں جلتے ہوئے گھر دیکھے ہیں

ہمارے ساتھ ایک مسئلہ یہ ہے کہ ہم تاریخ نہیں پڑھتے، آپ مغرب کی تاریخ پڑھ لیں، جب بھی وہ ٹوٹنے پر آتے ہیں تو جو حالات ہمارے ہاں ہیں، وہاں بھی وہی حالات پیدا ہو جاتے ہیں اور وہ ایک دوسرے کو blameکرنا شروع کر دیتے ہیں کہ you are the culprit. At leastکوئی تو ہو جو اپنی غلطی مانے اور سب کو ساتھ لے کر چلے۔ ایک leadershipسامنے آئے، سب کو accommodateکرنے والے لوگ سامنے آئیں۔ یہاں پر blame game startکرنے کی بجائے تمام چیزوں کے solutions discussہونے چاہییں۔ جو کچھ بارہ مئی کو ہو گیا تھا، اب اس کو چھوڑ دیں، اس کو آپ کس طرح حل کریں گے۔ ہم یہاں پر ساٹھ بندے بیٹھے ہیں ، ہم discussکرتے ہیں کہ اس

مسئلے کو کس طرح حل کریں گے اور سیکریڑیٹ یہ پابندی لگائے کہ کل جانے سے پہلے ہم یہ report submitکروا کر جائیں۔ شکریہ۔

(مختلف آوازیں: پوائنٹ آف آرڈر)

میڈم ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ سما صاحبہ، ضمیر صاحب بات کرلیں۔

جناب ضمیر ملک: میڈم سپیکر! بات یہ ہے کہ ہم صرف بارہ مئی کو نہیں 6فروری 1992کی ہڑتال کو بھی رو رہے ہیں جب بہت سے دوستوں کو مارا گیا اور ان کو آگ لگا دی گئی۔ پھر ہم ان دو جوکھیو ڈاکٹر اور اس انجنیئر بھائی کو رو رہے ہیں جن کو 1994 میں کراچی میں HBL groundمیں مارنے کے بعد گلے کاٹ کر پھینک دیا گیا تھا۔ یہ بارہ مئی کی بات نہیں ہے۔ پاکستان کے لیے ہم ہر طرح کی قربانی دیں گے۔ ہم کسی کو توڑنے کی بات نہیں کر رہے، ہم تو یہ کہتے ہیں کہ جو لسانی سیاست ہو رہی ہے، ایم کیوایم سے ہمارا کوئی مسئلہ نہیں ہے، ہمارا مسئلہ لسانی سیاست ہےہم نہیں توڑ رہے، ایم کیو ایم والے ہمیں اپنے سے توڑ رہے ہیں۔ ہم نے تو کبھی نہیں کہا کہ کوئی اردو بولنے والا ہم سے الگ ہے۔ ہم تو ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ پاکستان کے لیے قربانی اردو بولنے والوں نے دی جو اپنا گھر بار چھوڑ کر آئے۔ میں پنجابی بولنے والا ہوں لیکن مجھے طلبہ سیاست میں لانے والے قائدین اردو بولنے والے تھے۔ میں ایم کیو ایم کو کہتا ہوں کہ مہاجر کا نعرہ کیوں لگاتے ہیں۔ اپنے جھنڈوں پر لکھتے ہیں، "جیے مہاجر، جیے سندھ، جیے پاکستان"۔ جیے سندھ کیوں؟ جیے پنجاب کیوں نہیں؟ کیونکہ آپ سندھ میں سندھیوں کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے representativesہیں۔ اگر جیے سندھ لکھتے ہو تو جیے پنجاب، جیے بلوچستان، جیے سرحد بھی لکھو۔تقاریر تو ماشاءاللہ ہم سب کر لیتے ہیں۔ مسئلے کے حل کی بات کرتے ہیں تو حل یہ ہے کہ شہر کراچی میں Chief of Army Staffکو چاہیے کہ کراچی میں army deployکریں اور ایک الیکشن کروائیں، پچھلے الیکشن میں جو اقوام متحدہ کے مبصرین تھے اور میرا خیال ہے پلڈاٹ نے بھی پچھلے الیکشن میں بہت کام کیا ، ان کی رپورٹ بھی پڑھیں اور اقوام متحدہ کے جو مبصرین کراچی میں تعینات تھے، ان کی رپورٹ پڑھیں کے جو مینڈیٹ ملا، وہ کس طرح ملا۔ اگر MQM mandateرکھتی ہے، چاہے ایک شخص کا بھی رکھتی ہو تو ہم الطاف بھائی کو سلام کریں گے لیکن ہم کہتے ہیں کہ خدا کے واسطے ہم بھی انسان ہیں روز ہمارے بچے، بھائی، باپ مروا دو، یہ بھی کوئی طریقہ ہے۔ میرے یہاں پر دوست جن کی ہمدردیاں MQMکے ساتھ ہیں، میں کہتا ہوں کہ ہم سندھ میں ان کے پاس جاتے ہیں، وہ ہمارے ساتھ بیٹھیں اور کراچی شہر کو de-weaponizeکرنے کی بات کریں لیکن جب de-weaponizationکی بات ہو رہی ہے تو CCPO, IGکو تبدیل کر دو۔ کیوں تبدیل کر دیں؟ مسئلہ یہ ہے کہ کراچی میں بہت زیادہ اسلحہ ہے۔ پرویز مشرف کے دور میں صرف کراچی میں بیس ہزار کلاشنکوف کے پرمٹ بنا کر دیے گئے۔ یہ تو طاقت کی، اسلحہ کی جنگ ہے، یہ کس طرح لیا جائے؟ یا تو وہاں آپریشن ہو یا گھر تلاشی ہو گی۔ حل تو ایسے ہی ہے لیکن MQMراضی نہیں ہے کہ ہمارا گھر بھی کوئی checkنہ کرئے۔ تو ہم کیا کریں؟ انشاء اللہ یہ رونا تو ایک دن ختم ہو گا کیونکہ ایک دن حسین سر کٹاتا ہے اور اسلام ہمیشہ کے لیے زندہ، پائیندہ ہو جاتا ہے۔ یہ issueایسا ہے کہ اس کا تعلق لسانیت سے ہے، میں بھی شاید اردو بولنے والا ہوتا اور کراچی میں رہتا تو میری بھی مجبوری ہوتی کہ MQMکو supportکروں۔ میری اردو بولنے والوں سے کوئی جنگ نہیں ہے، میں ان کو اپنا بڑا بھائی کہتا ہوں۔ اس مسئلے کا حل یہ ہے کہ بارہ مئی کے بارے میں فی الفور ایک قرارداد پاس کی جائے، میں ایصام رحمانی اور اپنے قائد جناب احمد علی بابر صاحب سے کہوں گا کہ بجائے اس کے کہ یہ debateآگے بڑھے، ہم سب کی سیاسی وابستگیاں ہیں اور سیاسی وابستگی پاکستان میں ایسی چیز ہےکہ اپنا قائد جو کہہ رہا ہوتا ہے وہ صحیح ہوتا ہے چاہے جھوٹ ہی ہو۔ میں یہی کہوں گا کہ ایک قراداد پاس کی جائے کہ بارہ مئی کو چھٹی کی جائے کیونکہ اس کا حل صرف چھٹی ہے۔ اگر بارہ مئی کو عام تعطیل کر دی گئی تو اس طرح کوئی clashنہیں ہو گا۔ اگر clashہوا تو پھر یہ رکے گا نہیں ۔

(مختلف آوازیں۔ پوائینٹ آف آرڈر)

Madam Deputy Speaker: Let him speak.

جناب ضمیر ملک: انہوں نے کہا تھا کہ کسی کی اگر کوئی وابستگی ہے، ہم تو یہاں پر وابستگی سے بالاتر ہو کر بات کر رہے ہیں، ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ اس میں غریب ٹانگے والا، رکشے والا، ڈرائیور یا ہوٹل میں بیٹھنے والا مرے گا۔ اس کا کوئی حل نہیں ہے۔ کراچی شہر میں establishmentنے اتنا اسلحہ پھیلا دیا ہے، اس کا کوئی حل نہیں ہے۔ میں ایصام بھائی اور بابر بھائی سے کہوں گا کہ ایک قراداد پاس کریں۔ MQM and ANPکی طرف

سے بھی یہ مطالبہ تھا کہ ہم ہڑتال کو موخر کر سکتے ہیں اگر عام تعطیل کی جائے۔ عام تعطیل ہوئی تو ان شہدا کو بھی خراج تحسین پیش کیا جا سکتا ہے اور ہم لسانی جنگ سے بھی بچ جائیں گے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you.

(Voices of point of order)

Madam Deputy Speaker: Miss Sama Paras.

مس سما پارس: Thank you madam Speaker. محترم ضمیر صاحب نے فرمایا کہ اس مسئلے کا واحد حل عام تعطیل ہے تو میں ان کو کہناچاہتی ہوں کہ پاکستان کی economy حالت آپ کے سامنے ہے۔ آپ کو اور کتنی national holidays چاہییں، قائد اعظم نے فرمایا تھا کہ کام، کام اور صرف کام۔ میرا خیال ہے کہ we are all about چھٹیاں، چھٹیاں اور صرف چھٹیاں۔بارہ مئی 2007 کو مزدور اور غریب عوام مرے تھے اور اب آپ کہہ رہے ہیں کہ بارہ مئی 2009 کو عام تعطیل کر دیں تو daily wages والا طبقہ پھر بھوکا مرے۔ آپ کیا کہہ رہے ہیں I am not getting it. دوسری بات یہ کہ کوئی practical solution بتائیں۔ عام تعطیل۔۔۔

(مداخلت)

مس سما پارس: آپ کی عام تعطیل کی بات سمجھ نہیں آئی، پلیز آپ اس کو explain کریں کہ how would it prevent any such unpleasant incident which should happen. Please give an explanation.

(Interruption)

Madam Deputy Speaker: Zameer Sahib let him talk first, than you can give any further clarification. Sherafgan Sahib.

جناب شیرافگن: Thank you madam Speaker میں یہاں پر نہ MQM کے خلاف اور نہ حمایت میں بات کروں گا۔ میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ کچھ sessions پہلے اس House میں جب talabnization اور سوات میں تحریک نفاذ شریعت محمدی کے بارے میں debate ہو رہی تھی تو ہمارا House divided تھا۔ کچھ لوگ سمجھتے تھے کہ وہاں فوج بھیجنی چاہیے اور some persons are of the view کہ وہاں شریعت نافذ ہونی چاہیے اور ہو گئی لیکن اب دوبارہ government operation کر رہی ہے۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ جب ہم MQM کی بات کرتے ہیں تو اس House کا almost unanimous opinion ہے کہ کراچی میں target killings نہیں ہونی چاہییں۔ جب ہم طالبان اور تحریک نفاذ شریعت محمدی کی بات ہوتی ہے تو divided opinion کیوں ہوتا ہے کیونکہ ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ MQM جو کر رہی ہے وہ نسلی بنیاد پر کر رہی ہے اور تحریک نفاذ شریعت محمدی، مذہبی بنیاد پر کر رہی ہے، اس کے علاوہ تو کوئی difference نہیں ہے۔ یہ difference کیوں ہے؟ میں یہ کہتا ہوں کہ ہم جو کہیں، سوچ کر کہیں اور biasness نہیں ہونی چاہیے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ایم کیو ایم کو، ان کے terrorism کو control کرنے کے لیے فوج کو بھیجنا چاہیے تو پھر بھیجیں، پھر آپ کا وہی decision ہونا چاہیے کہ نہیں وہ اچھے لوگ ہیں، ہم سے اسلام کو بہتر سمجھتے ہیں، وہ صحیح کر رہے ہیں۔ اگر سوات میں schools destroy کررہے ہیں تو کراچی میں business بند ہو رہے ہیں۔میرا نہیں خیال کہ دونوں میں کوئی فرق ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی مس گل بانو۔

مس گل بانو: Madam Speaker, thank you. بہت اچھی اور بڑی healthy debate ہوئی ہے۔ ایک طرف تو یہ پتا چلتا ہے کہ Youth Parliament کا بڑا clear view ہے کہ لسانی پارٹیوں کے خلاف سخت action لینا چاہیے۔ میں یہاں پر یہ بات کرنا چاہوں گی کہ ایم کیو ایم کے issue پر بہت بات کی جا رہی ہے لیکن تھوڑا سا ان پارٹیوں کے بارے میں بھی بات کرنی چاہیے جو interior Sindh and Balochistan میں ہیں، جو بلوچستان کی آزادی کی بات کرتی ہیں، جو سندھ کی آزادی کی بات کرتی ہیں۔ وہ پاکستان سے آزاد ہونے اور اپنے آپ کو ایک الگ ملک کی حیثیت سے دیکھنے کی بات کرتے ہیں، جو یہ کہتے ہیں کہ ہم پر پنجاب ظلم کر رہا ہے، ذرا ان

پارٹیوں کی طرف بھی دیکھ لیں۔ صرف ایک پارٹی کو issueبنا کر بات کرنا، ٹھیک ہے، اس سے بھی بہت اچھا affectپڑ رہا ہے، ایک اچھی تبدیلی کی امید کی جا سکتی ہے لیکن ساتھ ہی ان پارٹیوں کی طرف بھی دیکھا جائے جو ان مواقع سے فائدہ اٹھا کر اپنی positionsمضبوط کر رہی ہیں۔Thank you.

Madam Deputy Speaker: Thank you. Nishat Sahib, let him speak and then you get your chance. Waqar Sahib.

جناب وقار نیئر: میڈم سپیکر! گزارش یہ ہے کہ پچھلے ایک گھنٹے سے we are going around the circles about the same issue. I think ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمیں بارہ مئی کے شہدا کو کسی نہ کسی formمیں خراج تحسین پیش کرنے کی ضرورت ہے اور جس طرح ضمیر صاحب نے کہا کہ عام تعطیل کر دی جائے اورمیں Leader of the Opposition and Leader of the House دونوں سے یہ اپیل کروں گا کہ وہ اس پر consensusپر آئیں کیونکہ جہاں تک بات ہے کہ کیا MQMمحب وطن جماعت ہے کہ نہیں، کیا وہ ایک فاشٹ جماعت ہے کہ نہیں، یہ ایک ایسا argumentہے جس کے لیے اگر ہم چار دن تک بھی discussionکریں تو شاید پھر بھی کسی واضح نتیجے پر نہ پہنچیں کہ اس کے خلاف ملٹری ایکشن کرنا چاہیے کہ نہیں۔ اس کے کیا consequencesہوں گے۔ بلوچستان پر اس کا کیا impactہو گا، interior Sindhکی پارٹیوں پر اس کا کیا impactہو گا۔ ANPپر اس کا کیا impactہو گا اور خود federationپر اس کے کیا اثرات ہوں گے تو یہ ایک بڑی لمبی debateہے۔ اس پر اگر نہ جائیں اور صرف اس بات پر strictرہیں کہ ہم سب اس پر متفق ہیں کہ بارہ مئی کو جو ہوا، وہ بہت غلط ہوا اور اس کو commemorate کرنے کے لیے ہمیں کوئی stepsضرور لینے چاہییں۔ Thank you.

Madam Deputy Speaker: Thank you. جی نشاط صاحب before we move to the Leader of the ….

سید محمد نشاط الحسن کاظمی:بہت شکریہ محترمہ سپیکر صاحبہ۔ I just like to brief the observations of the two speakers that are referred. سب سے پہلے تو میں یہ کہوں گا کہ میں فرخ جدون صاحب کی بات سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ انہوں نے بار بار national unityکی بات کی ہے کہ we have to move on now. کتنا chaos پہلے ہو چکا ہے، ہمیں پہلے realitiesکوacceptکرنا ہوگا اور ان realities کے اندر جو ایک بات ابھر کر سامنے آ رہی ہے، وہ یہ ہے کہ کراچی کی populationکی density changeہو رہی ہے، بہت تیزی سے ہو رہی ہے۔ ہمیں اس realityکو کھلے دل سے قبول کرنا ہو گا۔ اگر ہم کراچی میں امن چاہتے ہیں، کراچی میں economic prosperityاور اگر ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان کا economic hubترقی کرے۔ اس کے ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ میں ضمیر ملک صاحب کی بات سے بالکل اتفاق نہیں کرتا، میں اس کو اشتعال انگیز بات کہوں گاکہ انہوں نے کہا کہ جنرل کیانی صاحب کو اقوام متحدہ کی زیر نگرانی سندھ میں ایک free and fair electionکرانا چاہیے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ 2008کے الیکشن کو اقوام متحدہ نے پہلے بار free and fairقرار دیا اور اس کے نتیجے میں سندھ اسمبلی میں ایک مختلف قسم کی divideسامنے آئی۔ ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ ہم صرف condemnationکی سیاست نہ کریں، realities acceptکریں اور national unityکی بات کریں۔بہت شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you.---ضمیر صاحب

جناب ضمیر ملک: میڈم! چونکہ یہاں پر حقائق کو مسخ کیا گیا ہے تو میں یہ چاہوں گا کہ جو انہوں نے کہا، اقوام متحدہ کی رپورٹ دیکھیں اور میں پلڈاٹ کی----

Madam Deputy Speaker: Zamir Sahib, I would request the honourable Prime Minister to make his statement about this motion.

جناب وزیر اعظم: Thank you, Madam Speaker. میڈم سپیکر! اس motionپر اتنی detailed debateکے بعد یہاں پر دو باتیں واضح ہوچکی ہے جن کا cruxمیں اس ایوان کوبتانا چاہتا ہوں۔ پہلی بات یہ ہے کہ وہاں پر بارہ مئی کو جو لوگ شہید ہوئے، کسی بھی جماعت کے ہاتھوں ہوئے ہوں، ہم ان کو اس طرح نہیں چھوٹ سکتے بلکہ یہ انصاف کا قانون ہے کہ کسی کے ساتھ ظلم ہوتا ہے تو اس کو حق حاصل ہے کہ اس کا مداوا کیا جائے۔ سب سے پہلے ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم ہر حال میں ان کا مداوا کریں اوران کو compensateکریں ۔ چاہے وہ judicial enquiryکی صورت ہویا حکومت کی طرف سے اعلان کردہ کسی سہولت کی فراہمی کی صورت ہو لیکن ان کے دکھوں کا مداوا کرنا بہت ضروری ہے۔

میڈم سپیکر!دوسری بات یہ کہ جدون صاحب اور نشاط صاحب کی جو بات سامنے آئی ہے، وہ ہمارے پروگرام کا second phaseہونا چاہیے اور یہ بہت importantہے کہ اس stepکے بعد جب تک national unity and national cohesion کی بات نہیں ہو گی، ہم آگے نہیں چل سکتے۔ چاہے وہ اردو، پشتو، سندھی یا پنجابی بولنے والے ہوں، ہمیں ان لوگوں کو ہر حال میں ساتھ لے کر چلنا ہے کیونکہ اس ملک کو توڑنے کی باتیں کی جا رہی ہیں۔ چاہے کوئی بھی گروپ ہو، کسی بھی نسل، کسی بھی قوم سے تعلق رکھتا ہو، آپ اس کو national unityکے phaseسے باہر نہیں رکھ سکتے۔ دکھوں کا مداوا کرنے کے بعد ہم national unityکا phaseشروع کریں گے تا کہ اس کو آگے لے کر جایا جا سکے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you very much. We are in deed honoured to acknowledge the presence of Mr. Imran Khan. The former Captain of Pakistan Cricket team who has played cricket for Pakistani cricket team from 1971 to 1992 and served as its caption intermitting the throughout 1982 to 1992 and shot to glory after Pakistan won World Cup 1992.

(Desks thumping)

For morethan 4 years after retiring from cricket in 1992, he focused his efforts solely on social work. In April 1996 Mr. Imran Khan founded and became the Chairman of Pakistan Tehrik-e-Insaf. By 1991 he founded the Shouket Khanum Memorial Trust and in April 27, 2008, a technical collage named N….. collage was built in Mianwali district by Mianwali Development Trust, chaired by Mr. Imran Khan. In 1992, he was honoured with Pakistan's prestigious civil award "the Hilal-e-Imtiaz" before he had received the President's pride of performance. Sir, we are extremely honourd to have you today with us. Now suspending the rules of the parliament, we would request the honourable guest to please come and deliver his address to the Youth Parliament.

(Desks thumping)

جناب عمران خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میڈم سپیکر، ممبران یوتھ پارلیمنٹ، میں جس چیز پر بات کرنا چاہتا ہوں، آج پاکستان کے لیے بڑا relevantہے اور وہ terrorism issueہے جو آج کل پاکستان میں بڑھتا جا رہا ہے، جس کو variousنام Islamic extremism, talibnization, Al-Quida دیے جاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں ایک confusionہے اور sight of distortionزیادہ بڑھ گئی ہے، وہ اس لیے کہ foreign countriesبھی defineکر رہے ہیں کہ terrorismکیا ہے اور وہ بھی defineکر رہے ہیں کہ پاکستان کے کیا problemsہیں اور ان کا حل کیا ہے۔ میں سب سے پہلے جو بات شروع کرنا چاہتا ہوں، ایک چھوٹی سی تقریر کروں گا کیونکہ میں آپ کے questions answersکا زیادہ منتظر ہوں۔

کامیاب انسان، کامیاب معاشرہ، کامیاب industryمیں ایک چیز commonہے۔ یہ نہیں ہے کہ وہ غلطیاں نہیں کرتے، یہ ہے کہ وہ اپنی غلطیوں سے سیکھتے ہیں۔ اپنی غلطیوں کا analysisٹھیک کرتے ہیں۔ آپ میں سے جو لوگ کامیاب ہوں گے، وہ اپنی غلطیوں کی نشاندہی صحیح کریں گے۔ کئی مرتبہ ہوتا ہے کہ انسان غلط conclusionپر آ جاتا ہے کہ جب اس زندگی میں set backہوتا ہے تو بجائے اس کے کہ وہ یہ سمجھے کہ مجھے یہ set backکیوں ہوا، کیوں ہمیں industryمیں نقصان ہوا یا مثلاً 1971میں ہمارا ملک ٹوٹ گیا۔ اگر ہم اس کا

صحیح نشاندہی نہ کریں تو history کہتی ہے کہ "those who don't learn from their mistakes are condemn to repeat them". ہم آج جہاں کھڑے ہیں، ہم ایسی منزل پر پہلے بھی آ چکے ہیں۔ میں جب آپ کی عمر کا تھا تو مجھے یاد ہے کہ ہم نے مشرقی پاکستان میں اپنی فوج بھیج دی اور یہ جوسوات فوج بھیجنے سے پہلے کا scenario تھا، بالکل یہ scenario built up ہوا تھا، ان کو مارو، یہ بنگالی ہم پر بوجھ بنے ہوئے ہیں، ان کو سیدھا کرو۔ اب fundos ہے تب bingos تھا۔ اس طرح کے نام لیے گئے، ہماری جو پڑھی لکھی elite تھی کسی نے یہ نہ سوچا کہ وہ کھڑے ہو گئے ہیں، پہلے وہ اپنے rights, پھر 6 points, اور آخر میں کیوں آزادی پر پہنچ گئے، کیا وجہ ہے؟ لیکن یہاں یہ ہے کہ فوج بھیجو۔ ہمارے بہت بڑے اور شائد قائد اعظم کے بعد سب سے charismatic politician ذوالفقار علی بھٹو جب بنگال سے واپس پاکستان آتے ہیں اور ملٹری ایکشن شروع ہوتا ہے تو وہ کہتے ہیں Pakistan has been saved یہ ان کے پہلے الفاظ تھے اور نتیجہ ہم سب کے سامنے ہے جو پاکستان کے ساتھ ہوا۔ ملک ٹوٹ گیا، ہماری فوج پکڑی گئی، نوے ہزار فوجی قیدی ہو گئے، اس ملک کو اربوں، کھربوں روپے کا نقصان ہوا۔ Psychological نقصان ہوا تو بجائے اس کے کہ ہم صحیح enquiry کرتے اور action لیتے اور یہ کہتے کہ ہم کبھی اپنی غلطیاں نہیں دہرائیں گے۔ حمودالرحمٰن رپورٹ پچیس سال کے بعد نکلی اور وہ بھی کہاں نکلی Outlook magazine ہندوستان میں نکلی۔ پاکستان میں حمودالرحمٰن رپورٹ پر کبھی debate نہیں ہوئی۔ اس وجہ سے ہم نے بار بار وہی غلطیاں دہرائیں۔ ہم نے وہی scenario بلوچستان میں دیکھا ہے کہ وہ لوگ جو اپنے حقوق مانگ رہے تھے اور بڑے جائز حقوق مانگ رہے تھے۔ جو مشرقی پاکستان کے ساتھ ہو رہا تھا، آج ہم وہی بلوچستان کے ساتھ کر رہے ہیں۔ پاکستان کی زمین کا چوالیس فیصد حصہ ہے، اس کا بجٹ اسلام آباد کے development budget کے برابر ہے۔ 20 districts کی اکثریت غربت کی لکیر سے نیچے ہے۔ سارے پاکستان میں سوئی گیس فیلڈ سے گیس آ گئی، بلوچستان میں سب سے آخر میں آئی اور وہاں بھی کدھر گئی، پہلے کوئٹہ کنٹونمنٹ میں گئی، عام بلوچوں کو نہیں ملی۔جب وہ لوگ بیچارے اپنے حقوق مانگ رہے تھے، ہم نے کیا کیا کہ بجائے سیاسی طور پر مسئلہ حل کرنے کے اپنی فوج بھیج دی۔ آج وہی لوگ، جو حقوق کی بات کر رہے تھے، آزادی کی بات کر رہے ہیں۔ وزیرستان کے اندر پاکستان کی تاریخ میں کبھی قبائلی علاقے میں کوئی problem نہیں ہوا۔ آپ تاریخ پڑھیں تو انہوں نے اس ملک کے لیے problem کی بجائے قربانیاں دیں۔ سوائے میرے شاید ہی پاکستان کا کوئی politician سارے قبائلی علاقے میں گیا ہو۔ میں سارے قبائلی علاقوں میں ایک مرتبہ نہیں کئی مرتبہ گیا اور میں نے ایک کتاب travel book لکھی، میں اس کے لیے research کر رہا تھا تو مجھے 1947 کے British intelligence کے paper ملے۔
آگے جاری----

Youth Parliament 9th May,09
Dildar M. Fani

British Intelligence کی reports یہ تھیں کہ سکھ East Punjab میں مسلمانوں کا قتل عام کر رہے تھے تو قبائلی علاقے کے اندر جگہ جگہ جرگے بیٹھ رہے تھے ۔ جرگے کا مطلب ان کی کونسل بیٹھ رہی تھی۔جرگہ کا نام ہی سن کر ہمیں شرم آنے لگتی ہے پتا نہیں وہ ہم کو پیچھے لے کر جا رہے تھے اپنی Modern .... English کے لیے کونسل بیٹھ رہی تھی ۔ ہر جگہ discussion کیا ہو رہی تھی کہ ہمارے بھائی وہاں مارے جا رہے ہیں ۔ مسلمانوں کو بچانے کے لیے خود پیسے جمع کر رہے تھے اور لشکر تیار کر رہے تھے جو سکھ قتل عام کر رہے تھے۔ یہ British Intelligence کی reports تھیں ۔ بار بار وہ بتا رہے تھے ، سارے علاقے میں un-rest ہے ، لوگ ان کی مدد کرنا چاہتے ہیں ۔ پھر 1948 میں جو آج آزاد کشمیر آزاد ہے ، آج بھی وہاں پر وزیرستان کے لوگوں کی قبریں ہیں۔وہ وہاں پر لڑے اور اپنی جانیں قربان کیں۔یہ آزادکشمیر پاکستانی فوج نے آزاد نہیں کرایا۔ اس کے بعد 1965 میں انہوں نے offer کی کہ ہم پاکستانی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ لڑنا چاہتے ہیں -1971 میں پھر انہوں نے پاکستان حکومت کو letter لکھا کہ ہم آپ کے شانہ بشانہ لڑنا چاہتے ہیں۔اپنے ملک کے لیے قربانیاں دینا چاہتے ہیں ۔ جب پختونستان موومنٹ چلی تو افغانستان اور فرنٹئیر میں سارا قبائلی علاقہ بفر بن گیا۔ سارے قبائلیوں نے کہا ہم پاکستانی ہیں ،ہم اس موومنٹ میں شرکت نہیں کرتے-2004 میں جب تورا بورا پر امریکہ نے ایکشن کیا اور اس کی وجہ سے کئی foreigners قبائلی علاقوں میں آئے اور وزیرستان میں آئے تو امریکہ کی demand آئی کہ ہمیں handover کیے جائیں۔ پاکستان اور ہم ایک Military dictator کے نیچے جو کہ اپنے آپ کو determined کرنا چاہتا تھا امریکیوں کی آنکھوں میں اس نے ان کو کہا کہ جناب میں بالکل آپ کے لیے حاضر ہوں۔ انہوں نے اس سے کہا کہ ہمیں لوگ واپس کرو۔ انہوں نے کیا کہا ۔ اگر یہ ساری چیز آپ نے سمجھنی ہے تو سنیں اور ہمیشہ route cause پر پہلے جائیں۔ اس symptom کو treat کریں یہ گلے کاٹ رہا ہے ۔ بڑا بر ا ہو رہا ہے ۔سوات کے اندر ہی

ہو رہا ہے بڑا بُرا ہو رہا ہےلیکن پہلے یہ تو پتا کریں کہ یہ کام شروع کہاں سے ہوا ہے اور انتہا تک ہم کیسے پہنچے۔ اگر آپ یہ نہیں کریں گے تو اس کا حل نہیں کرسکیں گے۔ آپ symptom کو ٹھیک کریں گے آپ causes پر نہیں جائیں گے۔ دونوں نے کہا کہ یہ ہمارے مہمان ہیں ہم آپ کو handover نہیں کریں گے لیکن اگر آپ ہمیں ثبوت دے دیں تو ہم آپ کو پکڑا دیتے ہیں، آپ ثبوت دے دیں کہ یہ terrorists ہیں تو ہم آپ کو handover کردیں گے۔ انہوں نے جب pressure ڈالا تو انہوں نے آگے سے کہا کہ ہمیں یقین نہیں کہ اگر ہم آپ کو handover کریں گے تو آپ ان سے انصاف نہیں کریں گے کیونکہ پاکستان پیسے لے لے کر اپنے لوگوں کو سی آئی اے کے حوالے کر رہا تھا ۔جنرل مشرف اپنی کتاب میں لکھتا ہے کہ ہم نے سات سو لوگ پیسے لے کر امریکہ کے حوالے کیے ہیں۔پاکستان کے آئین کی violation کی، ان کے fundamental rights کی violation کی ۔ یاد رکھیں کہ اگر پاکستانforeigner بھی ہے ، اگر Pakistan Foreigner بھی ہے تو اس پر بھی Article 4 لگتاہے پاکستانی آئین کہ اس کو He has a right to prove his innocent in a Court of Law یہ نہیں کہ صرف پاکستانیوں کے لیے ، Foreigners تو چھوڑیں ہم نے پاکستانی بھی ان کے حوالے کردیے ہیں ان میں سے اکثریت جو کہ امریکن کہتے ہیں کہ ان میں سے اکثریت بے قصور لوگوں کی تھی ، ان کو ٹارچر کیا گیایہ تو پتا ہے کہ ان کے ساتھ کیا کیا گیا۔sublet کی گئی ٹارچر۔ پہلے ان کو اور جگہوں پر رکھا گیا ، پھر ان کو گوانتاناموبے پہنچایا گیا۔ وہ بڑی honourable بات کر رہے ہیں یہ کوئی غلط بات نہیں کر رہے ہیں۔ آج اگر آپ کسی سے بھی کہیں گے کہ جناب ہمارا دہشت گرد آپ کے ملک میں بھاگ گیا وہ ہمیں واپس چاہیے وہ ڈیمانڈ کریں گے اپنی عدالتوں میں۔آپ پہلے ان کو prove کریں گے کہ وہ دہشت گرد ہے۔ ایک احمد یاکرچیچن گوریلا وہ برطانیہ کے اندر چلا گیا ------روس نے پورا زور لگایا کہ یہ دہشت گرد ہے اس کو ہمیں واپس کرو۔ برطانیہ نے کیا کہا ، کیا انہوں نے اس کو پکڑوا دیا ، انہوں نے کہا ہماری عدالتیں آزاد ہیں آپ عدالت کے اندر prove کریں اور اس کو لے جائیں۔ روس نے عدالت میں کیس لڑا ۔ کیس ہار گئے وہ احمد یارکر آج بھی برطانیہ میں بیٹھا ہوا ہے۔وہ کہتے تھے آپ ہمیں prove کردیں، یا اپنے ثبوت دے دیں ہم آپ کو واپس دے دیتے ہیں اس کی بجائے انہوں نے ایک گارنٹی کی یہ وزیرستان میں گورنمنٹ کا جرگہ ہوا تو انہوں نے گارنٹی کی کہ ہم کسی foreigners کو افغانستان میں لڑنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ یہ گارنٹی کر رہے تھے کیوں میں پاکستانی سائیڈ پر جو حکومت کا جرگہ تھا اس کے ممبر سے ملا۔ انہوں نے یہ گارنٹی کی agreement sign ہونے لگی تھی 9فروری2004 کو پاکستان کی فوج بھجوا دی جنرل مشرف نے امریکہ کے دباؤ میں آ کر۔ اس کے بعد دیکھیں کیسے چیزیں deterrent کرتی ہیں تب پانچ چھ مہینے کچھ نہیں ہوتا۔ ایک بڑا famous incident September میں ہوتا ہے کہ ساؤتھ وزیرستان میں ستر لوگ مارے جاتے ہیں ایک میزائل اٹیک میں۔ جب ستر لوگ مارے جاتے ہیں تو حکومت announce کرتی ہے۔ میں نیشنل اسمبلی میں بیٹھا ہوا تھا کہ سب foreigners دہشت گرد تھے۔ وزیرستان کا ایم این اے کھڑا ہو کر کہتا ہے کہ اگر ان میں سے ایک بھی دہشت گرد ہو تومیں resign کرنے کے لیے تیار ہوں وہ سارے local تھے۔ کوئی انکوائری نہیں ہوتی۔ اس کے دو تین دن کے بعد لوگ پھر سے جمع ہوتے ہیں پتا نہیں کوئی جنازہ تھا۔ پھر میزائل گرتا ہے اور چالیس اور مر جاتے ہیں۔ وہ وزیرستان کا turning point تھا۔ وہ جو لوگ ہمیشہ peace full رہے تھے وہ آہستہ آہستہ پاکستانی فوج کو attack کرنا شروع کرتے ہیں اور پاکستانی فوج چونکہ بڑاپھیلا ہوا علاقہ ہے۔ انہوں نے وہی tactics وزیرستان میں استعمال کیں جو افغانستان میں امریکی کر رہے تھے۔ Artily bombing, Helicopter Gunship کئی جگہ ایسی چیزیں استعمال کیں اور تین سال لگے وہاں کے لوگوں کو ایک نیا phenomena بننے کے لیے جس کا نام پاکستانی طالبان ہے۔ یہ جو نیا phenomena تیار ہوا۔ پہلے وزیرستان میں شروع ہوا پھر آہستہ آہستہ یہ سرائیکی اورکزئی ، خیبر اس سے باجوڑ اور آخر میں سوات میں پہنچ گئے۔ سوات کے اندر ایک اور phenomena تھا جو پہلے 1977سے چلا آ رہا تھا لوگ وہی پرانا نظام چاہتے تھے جو 1974 میں ان کا پرانا والی سوات کے زمانے کا نظام تھا۔1977 میں ایک ایف سی کا ایکشن ہوا لوگ کھڑے ہوگئے کیونکہ جب پاکستان کا نظام آیا تو لوگ انصاف کے دائرے سے باہر ہوگئے۔ عام لوگوں کو پرانے نظام کے تحت گاؤں میں مفت انصاف ملتا تھا وہ ایک دم اس سے باہر ہو گئے۔ یاد رکھئیے انگریز کے آنے سے پہلے سارا شرعی نظام تھا۔ مغل کا شرعی نظام تھا ، قبائلی علاقوں میں ابھی بھی ان کی جو شریعت کی interpretation ہے اس کے مطابق نظام ہے۔جب پاکستان نے قانون لگایا جو اب صوفی محمد کہتا ہے کہ ہم انگریز کا قانون نہیں مانتے۔ وہ جو 1974 کے بعد جب پاکستان کا قانون لگا وہ اس کو انگریز کا قانون کہتے تھے۔جب public انصاف کے دائرے سے باہر ہونا شروع ہو گئی نہ ان کا infrastructure تھا نہ Judges تھے نہ وکیل تھے تو یہ 1977 میں uprising ہوئی تھی اور 1977 میں جو uprising ہوئی تھی وہ Frontier Constabulary کے ذریعے اور پھر political settlement, concession دونوں کرکے انہوں نے mix کردیا ، آدھا اُن کا اور آدھا ان کا تھوڑاتیتر اور بٹیر کو mix کرکے بنا دیا۔ پھر 1999 میں شروع ہوئی کیوں کہ وہ نظام کام نہیں کر رہا تھا ۔ صوفی محمد کی بات تب شروع ہوئی تھی۔ یہ pre-date کرتی تھی طالبان کو کیوں کہ

actually original سوات کا مسئلہ تھا لیکن جب یہ spread کیا وزیرستان سے یہ مومنٹ basically Anti-
Pakistan Army کیوں کہ پاکستان آرمی کو وہ سمجھتے تھے کہ امریکہ کہ کہنے پر بلکہ وہ proxy تھی امریکہ
کی ۔ ادھر سے یہ ساری moment eventually سوات پہنچی لیکن اس کی basic کیا تھی کہ یہ لوگ کیوں
پاکستان فوج کے خلاف لڑیں اس لیے یہ perceive کرتے تھے اور صحیح perceive کرتے تھے کہ ہم امریکن
سے پیسا لے پاکستانی فوج امریکیوں کا کام کرے گی۔ یہ basic تھا اس ساری چیز کا ۔ آج جو لوگ کہتےہیں کہ آپ
امریکہ کی بات نہ کریں یا وہ نہ کریں یا امریکہ کے اوپر سارے مسئلے ڈال دئیے ہیں لیکن یہ کیسے کہہ سکتے ہیں
وہ کیوں کہ جب سے ہم نے امریکہ کے کہنے پر اپنی فوج قبائلی علاقوں میں نہیں بھیجی تھی تو ہم پر خوئی
خودکش حملے نہیں تھےہاں ہماری sectarian terrorism تھی پاکستان میں اور مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا
ہے کہ اس میں ہماری Establishment کا بہت بڑا ہاتھ تھا اس sectarian terrorism کو پالنا ، ان کو استعمال
کرنا لیکن وہ کوئی natural phenomena پاکستان کا نہیں تھا یہ جو قبائلی علاقے کے اندر شروع ہوا ہے یہ
directly related تھا افغانستان سے اور یہ جو sowbread کیا سارا یہ directly related ہوا جب پاکستانی فوج
کو انہوں نے امریکہ کی proxy سمجھا ۔ پاکستانی فوج پر attacks اسی طرح کے ہوئے جو عراقی اور افغانی فوج
کو افغانستان اور عراق میں ہو رہے تھے ۔عراق اور افغانستان میں جو target کیے جا رہے تھے ان کی فوج اور ان
کی پولیس اسی طرح یہ آہستہ آہستہ جو دہشت گردی بڑھی یہ اس سے بڑھتی گئی اور پھر جو ہم نے لال مسجد میں کیا
اس کو بھی differentiate کریں Militant extremism and fundamentalism میں بھی فرق ہےبنیاد پرستی
کیا ہوتی ہے fundamentalism جو ہوتی ہے وہ ایک reaction ہوتا ہے جب لوگ سمجھتے ہیں کہ ان کا culture
یا ان کا دین خطرے میں ہے تو لوگ پھر دوسری extreme جانا شروع ہو جاتے ہیں یہ ایک bulian derlamal
نے ایک کتاب لکھی ہے بہادر شاہ ظفر کے زمانے میں اس نے بڑا ہی اچھا literate کیا ہے کہ کیسے مسلمان اور
ہندو بالکل مکمل harmony میں رہتے تھے ۔ ایک دوسرے کے Religious festivals کو respect دیتے تھے
ان میں شرکت کرتے تھے اور جب انگریز کے خلاف Mutually ہوئی جب یہ بغاوت ہوئی تو یہ بنگال آرمی میں
شروع ہوئی تھی جس میں 80 فیصد ہندو برہمن تھے اور انہوں نے اپنا لیڈر کس کو تسلیم کیا ۔ بہادر شاہ ظفر کو۔
انہوں نے انڈین یا ہندو کسی لیڈر کو تسلیم نہیں کیا۔جیسے ہی میرٹ کے اندر mutually ہوئی سارے دہلی پہنچے اور
بہادر شاہ ظفر کو proclaim کیا اور انہوں اس سے کہا کہ defender of the faith تھا ، ان کے دین کو defend
کرتا تھا یہ بات ہندؤں نے یہ کہا تو آج ہم یہ جو پچھلی تاریخ پڑھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مسلمانوں نے
دبایاactually اگر آپ وہ period پڑھیں تو آپ کو پتا چلے گا کیوں کہ مسلمانوں کی بڑی progress تھی ۔
fundamentalism ادھر سے شروع ہوئی جب کرسچن مشنری نے حکومت کے ساتھ مل کر aggrasity
Christen fundamentalist جب پہنچےگئے اورانہوں نے زور لگایا اور زبردستی لوگوں کو convert کرنے
کے لیے تو تب مسلمانوں کے اندر reaction آنا شروع ہوا اور ہندؤوں میں بھی ۔ آج بھی اگر آپ یہ دیکھتے ہیں کہ
fundamentalism جو ہے یہ صرف پاکستان میں ہی نہیں ہے ۔ اگر یہاں لوگ سمجھتے ہیں کہ ہمارا دین خطرے
میں ہے اور وہ ایک دم react کرتے ہیں تو وہ ہندوستان میں بھی ہیں۔ انہوں نے 160 گرجا گھر جلا دئیے۔ پتا نہیں
کتنے مسیح لوگوں کو مارا ، دو ہزار مسلمانوں کو ماردیا وہ extremist تھے جو کچھ گجرات میں ہوا لیکن
fundamentalism انڈیا میں بھی ہے۔Fundamentalism آپ اسرائیل چلے جائیں وہاں آپ کو سب سے زیادہ ملیں
گے۔ امریکہ میں کتنے fundamentalists ہیں۔ تو آپ جو fundamentalism کا مقابلہ کرتے ہیں آپ کبھی
بندوقوں سے نہیں کرتے fundamentalism کا سب سے بڑا اس برصغیر میں اگر کسی نے مقابلہ کیا تھا تو وہ
علامہ اقبال نے کیا تھا۔ Ideas کی جنگ ideas سے لڑی جاتی ہے ۔ideas کو ideas defeat کرتے ہیں۔تو یہاں
آج کیا ہوا ہے صرف لال مسجد کو complete کردوں کہ بجائے realize کرنے کے وہ جو خواتین تھیں وہ ڈنڈوں
سمیت CDs Shops میں جاتی تھیں وہ کیوں react کرتی تھیں کیوں کہ وہ سمجھتی تھیں کہ ان کا دین خطرے میں
ہے۔ ان کو اس طرح تو treat نہیں کرنا چاہیے تھا پہلے buildup کیا گیا کہ پتا نہیں اسلام وہاں takeover ہونے لگا
ہے ان کو پورا buildup کیا گیا کہ اسلام آباد خطرے میں ہے اس کے بعد پھر ان کو مارا گیا اور جو ان کے ساتھ کیا
گیا وہ شاید ہی اس ملک کی تاریخ میں سے شرمناک واقعہ ہو اور باقاعدہ time کیا گیا باقاعدہ buildup کیا گیا اور
timing killer کی گئی ۔جیسے ہی APDM کی وہاں لندن میں اسی ہفتے میٹنگ ہو رہی تھی۔ ان ہی دو دنوں میں لال
مسجد پر حملہ کیا اور ساری main headlines اس کی آگیں۔ جب کہ چوہدری شجاعت بار بار کہتے ہیں کہ میں
نے سمجھوتا کر لیا تھا اور سب کچھ ہو گیا تھا اور سب نکلنے کے لیے تیار ہو گئے تھے۔ ایک دم آرڈر آیا کہ نہیں
پیچھے ہٹ جائیں اب Military action ہوگا اور اس کی اگر consequences اس کی انکوائری ہو ، اگر
یونیورسٹیز کے اندر کبھی ریسرچ کی جائے کہ لال مسجد کے after effects کیا ہوئے ہیں سوسائٹی میں تو آپ کو
پتا چلے گا کہ کتنی زیادہ انتہاپسندی اس ملک میں اس کے بعد بڑھی ہے۔ اس کے اوپر Carna Honstron نے ایک

بڑی اچھی کتاب لکھی ہے Battle for God جو fundamental struggles ہیں وہ ساری trace کی ہیں کہ جب آپ ان کو دباتے ہیں وہ militant ہو جاتے ہیں ۔ اب آخر میں سوات میں آگئے ہیں کہ جو کچھ سوات میں ہو رہا ہے۔میں اس military action کے خلاف ہوں جو وہاں کیا گیا لیکن پاکستان میں ایک پوری campaign بن گئی ہے کہ ان کو مارو ۔مجھے یاد آتا ہے جب میں چھوٹا تھا East Pakistan کے لیے پہلے پوری ایک campaign بن گئی کہ ان کو صحیح کرکے مارو ، فوج بھیجو اور فوج میں بڑی خوشیاں منائی گئی تھیں کہ اب سارا کچھ کنٹرول ہو جائے گا ۔سب سے پہلے تو جو سوات میں ہوا اس کی نوبت آنی نہیں چاہیے تھی۔یہ basically Frontier Constabulary کے ذریعے یہ بڑا آرام سے کنٹرول ہوسکتا تھا۔ ادھر تک پہنچنا ہی نہیں چاہیے تھادوسری چیز کے جب یہ یہاں پہنچ گیا اور پانچ مہینے military action ہوا تو پھر elected Government نے ایک امن معاہدہ کیا ، صوبہ سرحد کی حکومت نے ، پھر پارلیمنٹ نے اس کو endorsed کردیا۔ اس کے بعد ہوتا کیا ہے سارے پاکستان میں ایک شور سا ، ایک پوری campaign چل جاتی ہےکہ capitulation ہوگئی ہے۔ بڑی زبردست campaign چلتی ہے کہ یہ بڑا برا ہوا اب طالبانائزیشن ہو جائے گی پاکستان کی اور سب کچھ۔ پوری campaign چلنے کے بعد دوہفتے کے اندر امن معاہدہ بھی ہوتا ہے ، پانچ مہینے کی جنگ پہلے ہوئی ہے۔دوہفتے کے اندر یہ ہوتا ہے۔ اچھا یہاں سے زیادہ انٹرنیشنل پریشر ، ساری دنیا میں شور طالبانائزیشن ہوگی۔ اب وہ بونیر پہنچ گئے ہیں ۔ طالبان اسلام آباد سے صرف ساٹھ میل دور ہیں۔میں کوئی تین چار دن پہلے بونیر سے ہو کر آیا ہوں اور میں ادھرگیا جدھرطالبان پہنچے تھے میں نے وہاں لوگوں سے پوچھا کہ یہاں طالبان آگئے تھے چوں کہ ساری دنیا میں شور مچ گیا تھا ۔اسلام آباد ساٹھ میل دور رہ گیا ہے۔مجھے لوگوں نے کہا جناب یہاں تیس چالیس طالبان آئے تھے جن سے سارے ملک کو خطرہ ہو گیا تھا۔ وہ آئے اور انہوں نے پولیس سٹیشن کو takeover کیا اور اس کے بعد یہاں پھرتے رہےاور تھوڑی دیر کے بعد وہ چلے گئے۔ ساری دنیا میں شور مچ گیا کہ پاکستان میں طالبان پہنچنے والے ہیں۔ یہ اخبارات کی main headlines تھی کہ sixty miles from Islamabad. اور اس کے بعد جیسے ہی آصف زرداری امریکہ land کرنے لگتے ہیں اس وقت ہی Military action شروع ہو جاتا ہے اور military action جب شروع ہوتا ہے تو میں وہاں مہاجر کیمپ سے ہو کر آیا ہوں ۔ آپ ادھر لوگوں کی باتیں سنیں جو کچھ ان لوگوں کے ساتھ ہوا ہےکہ وہاں heavy Artery Bombardment ہو رہی ہے ، عورتیں ، بچے ، بوڑھے، لوگ گھروں کے اندر trap ہو گئے۔ بیس بیس میل سے Artillery shalls گر رہے ہیں ، بڑی توپیں چل رہی ہیں۔سوال یہ پیدا ہوتا ہےکہ پہلے تو کیا واقعی طالبان سے سارے پاکستان کو خطرہ ہے جس ملک کی سات لاکھ فوج ہے، جس ملک کی سترہ کروڑ آبادی ہے کیا تھوڑے سے طالبان سے سارے ملک کو خطرہ ہے کیا وہ پانچ ہزار ہیں، چھ ہزار ہیں، آٹھ ہزار ہیں جو سوات میں ہیں ۔کیا ہمارے ملک کو خطر ہے۔ نمبر دو۔ چلیں ہم نے military action لینا تھا تو کیا پہلے ہمیں provision نہیں کرنی چاہیے تھی یہ کہ جو اتنے زیادہ لوگ جو وہاں رہتے ہیں ان کو پہلے وہاں سے نکالتے ۔ اگر ہم نے آرٹلری اور بمبارٹ منٹ کرنی تھی تو کیا ان لوگوں کو نکالنا نہیں چاہیے تھاپہلے ان کی provision نہ کرتے کہ وہاں جو اتنی زیادہ پبلک پھنسی ہوئی ہے ۔ اب تک یہ اندازہ لگا رہے ہیں کہ دس لاکھ لوگ وہاں سوات سے نکل رہے ہیں ۔ابھی بھی attacks ہو رہے ہیں۔ مجھے فیکس آ رہی ہیں ، کوئی دیر میں traps ہو رہے ہیں وہاں لڑائی ہو رہی ہے ، مینگورہ میں ہو رہی ہے تو یہ کیا ہے ۔ کیوں کہ یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں تھی یا تو ملک کو کوئی immediate خطرہ ہوتا اور میں جو تیسرا سوال پوچھتا ہوں کہ امن معاہدہ کو کیا ہم نے پوری طرح interact, conclusive نہیں لے جانا چاہیے تھا کہ ابھی تو دس دن ہی ہوئے تھے یہ معاہدہ ہوا تھا۔ پانچ مہینے پہلے بھی military action ہو رہا تھا کیا ہمیں یہ کوشش نہیں کرنی چاہیے تھی کہ اس کو implement کرواتے جب طالبان وعدہ توڑ رہے تھے ان کو اور expose کیاجاتا۔ میری پارٹی نے سرحد میں یہ propose بھی کیا کہ ایک fact finding mission تمام پارٹیوں کی وہاں جائے اور پہلے پتا تو چلائیں کہ ہو کیا رہا ہے۔ کون معاہدہ توڑ رہا ہے۔میں یہ آپ کو اس لیے کہہ رہا ہوں اور میں اپنا خطاب ختم کرنے لگا ہوں میں آپ کو یہ اس لیے کہہ رہا ہوں کہ جو وہاں کے لوگ ہیں جو میں نے لوگوں سے پوچھا یہ بڑی خطرناک بات ہے جو میں آپ کےسامنے کرنے لگا ہوں۔ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ ان کے خون پر ڈالر ز لیے جا رہے ہیں۔ وہاں سے جو لوگ نکل رہے ہیں ان میں سے میں نے جن جن سے پوچھا ان کا خیال ہے کہ یہ سارا کچھ اس لیے کیا گیا ہے کہ ان کے خون کے اوپر پیسا بنایا جا رہا ہے۔جب آصف زرداری کی visit تھی اس سے پہلے یہ سب کچھ کیا گیا چوں کہ وہ یہ پوچھیں گے کہ یہ انہوں نے کرنا تھا تو ہمیں پہلے بتا دیتے ہم وہاں سے نکل جاتے۔لیکن timing یہ رکھی گئی کہ وہاں یہ بتایا جائے کہ ہم پاکستان میں کتنی زبردست war on terror ہے پاکستان کو کتنا خطرہ ہے اس لیے fact finding mission ضرور بھجوانی چاہیے تھی پہلے پتا تو چلاتے کہ agreement کس نے کیا ، کیا تھی ، کیوں ٹوٹی،کیا اس کو اور prolong کرسکتے تھے time bar کرسکتے تھے ۔ کوشش تو کرتے کیوں کہ یہ option تو ہمیشہ رہتا ہے military action تو ہمیشہ available ہے لیکن مہذب معاشرے ہمیشہ military is always the last resort never the first option

جب سارے حربے استعمال ہو جاتے ہیں پھر آپ فوج کو استعمال کرتے ہیں اس لیے کہ جب military action شروع ہوجاتا ہے یاد رکھیں اس کے consequences پر کنٹرول نہیں رہتا۔ ابھی تک military action نے اس ملک میں کوئی چیز حل نہیں کی۔ East Pakistan کا ہوا نہ ہی بلوچستان کا ہوا ، وزیرستان کے اندر اور پورے قبائلی علاقوں میں طالبان کا کنٹرول ہے ۔فوج نے کچھ کیا نہیں سارا کچھ الٹا ہو گیا ہے تو کیا یہ جو ہم کرنے جا رہے ہیں اور دس لاکھ لوگ وہاں سے نکلیں گے اور نکل رہے ہیں کیا ہمارے پاس ان کو دیکھنے کے لیے provision ہے کیا یہ جو بے روزگار پھریں گے ، ان کے لیے روزگار ہے۔ ان کی economy برباد ہو گئی ہے ، کیا ہم ان کا دھیان رکھ سکیں گے ؟ میں نے پہلے کہا ہے کہ military option آپ ہمیشہ استعمال کرسکتے ہیں لیکن اس کے consequences کیا ہم برداشت کرسکتے ہیں؟ کیا اگر ان لوگوں کی یہ feeling آگئی کہ ہمیں استعمال کیا گیا ہے ڈالرز لینے کے لیے ، کیا وہ State کے خلاف نہیں چلے جائیں گےبعد میں کیا اس سے اور extremism تو نہیں بڑھے گی ؟ ہم نے یہ جو کرتو دیا ہے اب کیا ان کے consequences پر ہمارا کنٹرول ہے ؟اس لیے جب ہم oppose کرتے ہیں ۔ میں جب یہ کہتا ہوں لوگ کہتے ہیں عمران pro-Taliban ہے ۔میں آپ کو بتاؤں کہ ہٹلر کا information propagandas تھا جس کا نام گلوبلز تھا ۔ اس نے ایک دفعہ بڑی زبردست بات کہی ۔ اس نے کہا کہ اگر ہم نے اپنی پالیسی عوام سے منوانی ہے تو پہلے لوگوں کے اندر خوف پیدا کرو۔طالبان آ رہے ہیں، ملک کو takeover کرنے لگے ہیں ۔یہاں ہمارے سارے Italianization Artists says we don't وہ سارے لاہور میں پھر رہے تھے کہ طالبان آ گئے ہیں، کراچی میں فنکار بے چارے ڈر گئے تھے کہ طالبان آ گئے ہیں تو پہلے خوف پیدا کروکہ طالبان آنے لگے ہیں پھر جو بھی آپ کی پالیسی سے disagree کرے اس کو کہہ دیں کہ یہ pro- Taliban ہے Anti-Patriotic and Anti-Nationalist ہے اس کو چپ کروا دو، اس کے اوپر Patriotism کے پیچھے چھپ کر یہ یاد رکھیں کہ اس کے اوپر بالکل Debate ہونی چاہیے تھی۔ ایک elected Parliament نے پہلے فرنٹئیر سے کہا خود ہی انہوں نے امن معاہدہ کیا پھر پاکستان کی پارلیمنٹ نے endorse کیا اور دو ہفتے لگائے اس پر کہ اگر وہ توڑ بھی رہے تھے تو کوشش کرتے اور اس کو end تک extend کرتے کیوں کہ military action تو ہمیشہ ہوتی ہےfact finding mission کوئی بھجواتے پتا تو چلاتے کہ کیا ہو رہا ہے کہیں ہم استعمال تو نہیں ہو رہے ؟ ان کی وہاں کی عوام جو سمجھ رہی ہے کہ ڈالرز کے لیے ہمارا خون کیا جا رہا ہےپہلے یہ سارا تاثر ختم کرتے ،ان کو corner کرکے eventually military action تو ہم ہمیشہ بھی لے سکتے تھے لیکن یہ دو ہفتے کے اندر کیا کیا۔ وہاں لوگ پھنسے ہوئے ہیں اور ہم Artillery shelling, F-16, Helicopter Gunship ہندوستان میں بارہ تنظیمیں کام کر رہی ہیں کتنی دفعہ ان پر بمباری کی گئی۔ ایک دفعہ بھی کسی پر بمباری کسی نے کی ہے۔ میں انگلینڈ میں تھا تیس سال سے terrorism تھی کتنی دفعہ British Forces نے لوگوں کے اوپر بمباری کی ہےیہ ہیں کہ civilian areas میں heavy guns سے بمباری کر رہے ہیں۔میں اس کے consequences میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری تاریخ بتاتی ہے کہ consequences ہاتھ سے نکل جاتے جب آپ military action کرتے ہیں اس لیے مہذب معاشرے آخری منٹ تک کوشش کرتے ہیں کہ political settlement ہو جائے اور یہ ہمارے سیاستدانوں کا failure ہے کہ ہم نے اتنی جلدی یہ کیا۔ خودی سیاستدان معاہدہ کرتے ہیں اور دس دن کے اندر international pressure میں آ کرختم کردیتے ہیں۔ سب کو پتا ہے پھر ہمیں بڑی back slapping بڑی precious appreciation ملی امریکہ سے now Pakistan is doing the right thing ہلری کلنٹن نے بڑا prove کیا ہے کہ ہاں اب پاکستان ٹھیک کر رہا ہےتو میں آخر میں میڈم سپیکر اس کو conclude کرنا چاہتاہوں کہ ہمارے ملک میں جو حالات ہیں اگر ہم نے ابھی بھی ان کو sincerely tackle نہ کیا ، بجائے بیماری ختم کرنے کے ہم آگ کے اوپر تیل چھڑکیں گے اور یہ بیماری پاکستان میں اور پھیلے گی ، انتہاپسندی اور بڑھے گی اس کے لیے بڑی sensible چاہیے ، اس کے لیے سوچ سمجھ کے ، اس کے لیے ہمیں ایسی brains چاہیں جو اس کا صحیح analyses کریں اور جب آپ analyses کریں گے تو آپ کو پتا چلے گا کہ ہم نے کسی اور کی جنگ کو اپنا کر ڈالرز کے پیچھے اور ایک dictatorion legitimacy کے پیچھے ہمارے ملک کا مستقبل تاریک کر دیا ہے، ہمارے ملک کے اندر انتشار پیدا کردیا ہے اگر اس کو ہم نے sensibly tackle نہ کیا یہ مزید اور آگے بڑھ جائے گا۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Deputy Speaker: Thank you. The very grateful to you for your valuable inside and information, if you could kindly come here its why they asked the question.

Madam Deputy Speaker: The first question from the Blue Party. Mr. Ahmed Noor.

جناب احمد نور: Thank you Sir, Ahmed Noor YP-08, FATA-01 جناب میرا تعلق وزیرستان وانا سے ہے۔ میرے تین simple سے questions ہیں بہت short ہیں لیکن میں خواہش کرتا ہوں کہ آپ ان کا briefly جواب دیں۔ سر وزیرستان میں ہم نے دیکھا جب حکومت کا first operation شروع ہوا تو اس وقت ان لوگوں کی تعداد بہت زیادہ تھی جو طالبان ہیں یا دہشت گرد ہیں یا militants ہیں جو چاہے ان کو نام دے دیں۔ ان کی تعداد بہت زیادہ تھی لیکن آج 2009 میں جو میں دیکھ رہا ہوں ان کی تعداد بہت زیادہ ہو رہی ہے۔ اس military operation کی وجہ سے اس کی تعداد بڑھ رہی ہے کم نہیں ہو رہی ہے۔جناب ایک بات یہ ہےسر وزیرستان میں ہم نے دیکھا کہ جو بھی military operation lounch ہوتا تھا وہاں پر۔ sirاسی وقت اسلام آباد میں امریکہ کی طرف سے کوئی نہ کوئی Delegation یا بندہ آ جاتا تھا جس وقت یہاں وزیرستان میں آپریشن شروع ہوتا تھا۔ تیسری بات یہ ہے کہ پرسوں الطاف حسین نے statement دی ہے کہ میں ایک لاکھ کارکنوں کو وہاں پر بھیج رہا ہوںتوits means کہ وہ trained peoples ہیں جو وہاں پر لڑ سکتے ہیں تو اگر Tribal کے militants سے یا Tribal کے trained لوگوں سے گورنمنٹ یا پاکستان کو خطرہ ہے تو ان کی تعداد تو لاکھوں میں نہیں ہےmostly بہت کم ہوں گے۔لیکن جو کراچی میں ایک لاکھ ٹرینڈ لوگ ابھی تیار کیے گئے ہیں کیا وہ اس ملک کے لیے خطرہ نہیں ہیں؟ اگریہ اس ملک کے لیے خطرہ ہیں تو ہمارے صدر جا کر الطاف حسین سے ملاقات کرکے آئے ہیں تو اس میں کون سی سیاست ہے۔-Thank you very much.

جناب عمران خان: سب سے پہلے تو میں آپ سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ military action سے وزیرستان کے اندر کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ وہ جو چاہتے تھے اس کے opposite ہو گیا۔پہلے تو وزیرستان میں پورا قبائلی نظام تھا جو اپنے ملک صاحبان کے ذریعے ہم سے بات کرنے کے لیے تیار ہوتے تھے وہ pro-pakistan تھے ۔ جیسے جیسے military action ہوتا رہا سارے pro-pakistan Maliks مار دئیے گئے ، سارا پرانا قبائلی نظام ختم ہو گیاہے۔ اس کی خلا کے اندر ایک نیا phenomina جس کو تحریک طالبان آپ کہتے ہیں یہ بن گیا ہےجس پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں ہے اور بجائے اس کے کہ پاکستانی فوج جس original purpseکے لیے بھیجی گئی تھی کہ ہم نے وہاں سے لوگوں کو لے کر آنا تھا اور ایریا کو کنٹرول کرنا تھا وہ اور out of control میں چلا گیا۔جو لوگ اس وقت pro-pakistan تھے اور سارا قبائلی علاقہ pro-pakistan تھا اس وقت وہاں بڑی نفرت پائی جاتی ہےپاکستان کی فوج کے خلاف اس علاقے میں۔ ہم نے اتنی stupetilty کی ہے ، احمقانہ چیز کہ اپنی فوج اور اپنے لوگوں کو لڑا دیا ہےیاد رکھیں کہ اس سے بڑا پاگل پن کوئی ہو ہی نہیں سکتا کہ کوئی قوم اپنی فوج اور اپنے لوگوں کو لڑائے تو اس طرح دشمنوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ آج خود ہی ہمارے مشیر داخلہ کہہ رہے ہیں کہ دیکھیں جی انڈیا کی activities شروع ہو گئی ہیں ، بلوچستان میں وہ یہ کر رہے ہیں اور یہاں پر کہہ رہے ہیں کہ Foreign Hand ہے تو ہم نے خود ہی foreign hands کو آنے کے لیے موقع دیا ہے۔آپ نے جب ایک situation create کی تو وہ آئے ہیں اور آخر میں آپ نے الطاف حسین کی بات کی۔ دیکھیں میں نے تو کل گارڈن براؤن کو خط بھی لکھا ہے کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ایک طرف وہ حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں ، اس وقت ایم کیو ایم حکومت میں ہےپچھلے سات سال سے حکومت میں ہیں اور الطاف حسین British Citizen ہو کر سترہ سال سے باہر بیٹھے ہیں وہ کراچی کے لوگوں کو کہہ رہے ہیں کہ ہتھیار پکڑو طالبانائزیشن کے خلاف۔میں سب سے پہلے تو حکومت سے پوچھتا ہوں کہ وہ کیوں اس کی اجازت دے رہی ہےکیا حکومت کو وہاں اپنی rit of government وہاں نہیں establish کرنی چاہیے؟ کیوں کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ آپ کی پولیس اور ینجرز ہوتے ہوئے کوئی باہر بیٹھا کہہ رہا ہے عام شہریوں کو کہ بندوقیں پکڑیں اور آپ نے طالبان کو پکڑنا ہے۔ کراچی میں بیس لاکھ پشتون ہیں ، کسی کے ماتھے پر تو نہیں لکھا ہوا کہ وہ طالبان ہے۔ یہ تو exect voilance create کرنے کے لیے ایک بہت بڑا انتشار پھیلانے کے لیے ہے، یہ سبق شہر کی بربادی کے لیے ہے تو میں سمجھتا ہوں یہ یہاں پر ہی حکومت کا double standard دیکھ لیں ایک طرف تو rit of government قائم کرنے کے لیے پوری فوج بھیج دی ہے ، دوسری جگہ openly rit of the government flowned ہو رہی ہے ، لوگوں کو کہا جا رہا ہے کہ بندوقیں پکڑیں اور بلکہ وہ حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں اور ابھی بڑی اچھی capson میں "NEWS" آئی ہوئی تھی جب آصف زرداری اور الطاف حسین کی ملاقات ہوئی .meeting of the minds جی-.meeting of the similar minds جی۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Deputy Speaker: Honourable Amir Ejaz.

جناب عامر اعجاز: بہت شکریہ میڈم سپیکر۔ خان صاحب ویسے پہلے تو بہت بہت شکریہ کہ آپ یہاں آئے ، آپ ایک بڑی پارٹی کے سربراہ ہیں اور آپ نے اتنا بڑا initiate لیا ۔ میں اپنا سوال فاٹا اور کرکٹ کے بارے میں رکھوں گا۔

جناب عمران خان: کرکٹ میں بھی terrorism ہے۔ Cricket coalption damage ہوگئی ہے۔

جناب عامر اعجاز: خان صاحب یہ جو لاہور میں سری لنکا کےساتھ ہوا اور آئی سی آئی نے پاکستان کے خلاف decession کیا کہ ورلڈ کپ پاکستان میں نہیں ہوگا۔کیا آپ سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی حکومت نے ، پاکستان کی کرکٹ یا پاکستان کرکٹ بورڈ کا اتنا calbar ہے کہ وہ کسی فارن ٹیم کو پاکستا ن میں بلائے اور کرکٹ کھیلیں ، کیا اتنی ہماری ability ہے ۔

جناب عمران خان: ہو تو سکتا تھا ۔ دیکھیں سری لنکن ٹیم بڑی risk لے کر یہاں آئی تھی۔ وہ بے چارے انہوں نے پاکستان کی دوستی میں یہ tour accept کیا اور پاکستان نے ان کو گارنٹی کیا کہ ان کو Presidental security ملے گی۔Presidental Security کا مطلب یہ ہے کہ جو سیکیورٹی آصف زرداری کو ملتی ہے۔ اب اگر آصف زرداری کی سیکیورٹی دیکھ لیں ، پہلے تو آپ دیکھ نہیں سکیں گے کیوں کہ آپ کو نظر ہی نہیں آئے گا، آپ کو اس کے پاس ہی نہیں آنے دیں گےکیوں کہ اتنی زبردست سیکیورٹی ہے۔ بے چارے سری لنکن اتناrisk لے کر آئے ، ان بے چاروں کو یعنی یہ سوچیں کہ یہ معجزہ ہی تھا کہ وہ بچ گئے ہیں، نہیں تو آج سری لنکن ٹیم ہی نہ ہوتی۔ہمارے وہاں پنجاب کے گورنر سلطان راہی بیٹھے ہوئے تھے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب عمران خان: اب چپ کر کے بیٹھ گئے ہیں ، اب پتا ہی نہیں چلتا کہ وہ گورنر کدھر گئے ہیں لیکن پہلے ہر دوسرے دن statement دیتے تھے جب کہ سری لنکن غریب un-protected رہے جب کہ intelligenc پہلے یہ کہہ رہی تھی کہ یہ بس target ہوگی، انہوں نے کہا تھا کہ یہ ایک out-side agency اس کو target کرے گیon the way to the stedium ۔ پنجاب پولیس کے پاس بھی پوری information تھی ۔اس کے باوجود انہوں نے ان کو چھوڑ دیا ، اللہ کے حوالے کرکے ٹیم کی بس کو چھوڑ دیا اور گوکہ وہ بچ گئے ہیں تو اس میں ہماری سیکیورٹی کا کوئی قصور نہیں وہ گرنیڈ miss کرگیا۔اس میں بڑا واضح تھا کہ یہ وہ terrorist نہیں ہیں جو کہ اس وقت باقی Su-side attacks کر رہے ہیں کیوں کہ اگر وہ ہوتے تو آج سری لنکن ٹیم نہ ہوتی۔اس کے بعد اگر ہم اپنے آپ کو پاگل بنانا چاہتے ہیں کہ کوئی ٹیم پاکستان میں آجائے کیوں کہ اس خوش فہمی میں نہیں پڑھنا چاہیے۔ میں تو اس بات پر حیران ہوں کہ اس کے بورڈ نے پتا نہیں یہ کیا کیا ، مجھے بورڈ کی بھی سمجھ نہیں آئی کہ ان کو سیدھا سیدھا جا کر کہنا چاہیے تھا کہ اگلا جو ورلڈ کپ ہے اس کو swip swap کریں اسٹریلیا سے اور اسٹریلیا کو پہلے دے دیں اور ہم اگلا ورلڈ کپ کر لیں گے یہ کس لیے کہ ورلڈ کپ سے millions of millions of dollars کی generation ہونی تھی کرکٹ کی بھی اور پاکستان کی economy کے لیےیہ جو ہم ورلڈ کپ سے باہر ہو گئے ہیں یہ ہماری سب سے بڑی نااہلی تھی اور یہ کہتے کہ شاید پھر سے کوئی ٹیم آ جائے گی اس کے بعدیہ اپنے آپ کو پاگل بنانا ہے ، کس ٹیم نے اب پاکستان آنا ہے؟ جب تک یہ امریکہ افغانستان میں بیٹھا ہے مجھے نہیں یقین کہ یہاں کوئی ٹیم آتی ہے۔کیوں کہ یہاں امن نہیں ہوسکتا جب تک وہ افغانستان میں ہیں۔تو اس لیے ہم نے بڑی boldn opportunity miss کی کہ ورلڈ کپ کو swap کردیتے اور ابھی بھی کوشش کرنی چاہیے کہ اگر اسٹریلیا پہلا ورلڈ کپ 2010-11 کا ہے وہ اسٹریلیا میں ہو جائے اور اگلا ورلڈ کپ پاکستان ، ہندوستان اور سری لنکا میں ہو جائے۔ ابھی بھی کوشش کرنی چاہیے کیوں کہ بہت بڑا revenue loss ہوگا کیوں کہ آگے تو ورلڈ کپ بیس تیس سال کے بعد آئے گاتو تب تک یہ پاکستان کرکٹ کا revenue loss ہوگا۔ یعنی اس سے ہم پورا infrastructure develop کرسکتے تھےصرف World Cup revenue سے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ماریہ اسحاق۔

Madam Maria Ishaq: Thank you Madam Speaker.Sir, it is ……………per as long, as you remember. Sir, my question would be that since a very long times in Pakistan……what is feel کیوں کہ اس کی the policy is not change ٹیم کے چہرے بدل جاتے ہیں
اس طرح سے نہیں ہوتی جس طرح سے کی جاتی ہے۔ اب جیسے آپ ہی یہ کہہ رہے ہیں کہ اس implementation
کے ذریعے لیکن یہ نہیں ہوا۔ تو اب آپ کے خیال سے کیا چیز بہتر ہوگی dialoge کیا جاتا handle کو situation
آپ ہی جیسے کہہ رہے ہیں کہ جو ………… کرتے ہوئے اور consider کو gravity of situation کہ جو
کر دیتا ہے ۔جیسے لاہور میں انہوں نے enhance کو بہت زیادہ gravity ہے اس چیز کا وہ اس چیز کی terror
کو ختم کردیں ۔جیسے بہت سے سکولز اور co-education کردیا ، لڑکیوں کو کہا کہ پردہ کریں اور attack ایک
کالجز میں پہلی کلاس سے ہوتا ہے۔……………………………………..

جناب عمران خان: دیکھیں یہ بڑا crtical time ہے پاکستان پر اور یہ defence of revolution سے
پہلے ایک بڑی اچھی کتاب ہے اس کے اندر charge decline لکھتا ہے free friend revolution france کے
اوپر کہ it was the best of times there was a worst of time یہ بالکل پاکستان میں fit ہے ۔ایک طرح بڑا
مشکل وقت ہے اور آگے ہم سنتے رہتے تھے کہ پاکستان cross road ہے یہ واقعی cross road ہے ۔ اگر ہم نے
یہاں سے صحیح قدم لے لیا ،ہم بچ بھی سکتے ہیں اور ایک نیا پاکستان بن سکتا ہے لیکن اگر ہم نے یہ جو موجودہ
policies follow کرتے رہے تو اس میں کوئی hope نہیں ہے۔یہ صرف one way traffic ہے ۔پہلے یہ یاد رکھیں
terrorism جو ہے it is an idea, terrorism کوئی conventalفوج کا نام نہیں ہے اگر terrorism کے
خلاف military سے جنگ جیتی جاتی تو آج امریکہ کا یہ حال عراق میں اور افغانستان میں نہ ہوتا۔ دنیا کی تاریخ کی
سب سے distructure military machine ہے لیکن دونوں جگہ پھنسی ہوئی ہے ۔ میں آپ کو یہ بھی کہتا ہوں کہ
عراق سے جب نکلیں گے آپ دیکھنا عراق کے اندر بالکل بہت بڑا انتشار آئے گا۔یہ tempary وہاں پر رکے ہوئے
ہیں اور افغانستان کو already traind بتا رہی ہے کہ ان کے against جا رہی ہے بلکہ پیک ڈک چینن جو امریکہ
کا Presidental Candidate تھا اس نے ایک آرٹیکل لکھا اور اس نے کہا ہم افغانستان میں جنگ ہار چکے ہیں
exit starigy- پہ انہوں نے فیصلہ کر لیا مگر ہم announce نہیں کر رہے کیوں کہ ہم نے اگر announce کیا
تو government collaps کرجائے گی۔ وہاں ان کے حالات اچھے نہیں ہو رہے اس کے باوجود کہ ان کی سب
سے powerfull military machine ہے دنیا کی تاریخ میں۔ ایک Gain co-operation کی رپورٹ تھی انہوں
نے 1967 سے جتنی بھی terrorist conflicts تھیں ان کے اوپر انہوں نے anylesis کیا اور وہ اس نتیجے پر
پہنچے کہ صرف سات فیصد military means سے حل ہوئے باقی 93% intelligence, police سے اور
dialoge سے ہوئے تو ہم اپنے سے پوچھیں کہ ہم کیا کر رہے ہیں ؟ ابھی پانچ مہینے کی جنگ کے بعد سوات کے
اندر ایک معاہدہ ہوتا ہے جو سارے سوات کے لوگ celebrate کرتے ہیں ۔ ایک elected government sign
کرتی ہے کیا ہم نے اس کو دس دن دیے ہیں۔ ساری دنیا میں شور مچ گیا پھر امریکہ کا کیا کام تھا ۔ کبھی گراڈن براؤن
یہاں بھاگا آ رہا ہے ، ان کا ملن بھاگا آ رہا ہے یہ بتانے کے لیے کہ طالبان چھا گئے ۔ کیا ہمارے ملک کے اندر کوئی
اس کا صحیح anylisis نہیں کیا کہ کون سی قیامت آ گئی تھی اگر ہم تھوڑی اور کوشش کرتے ۔جو وہ کر رہے تھے
میں آپ کو بتاؤں کہ وہ لوگ جو کر رہے تھے یہ کوئی اسلام بھی نہیں ہے۔کہتے ہیں کہ انتہا پسند اسلام یہ وہ بھی نہیں
ہے؟ اسلام میں کہاں لکھا ہوا ہے کہ عورتوں کے سکول بند کردو۔ اسلام تو ایک انقلاب کا نام تھا ، آزادی کا نام تھا ۔ یہ
بالکل اس کے opposite حرکتیں کر رہے تھے۔ نبی کریم نے جنگ بدر کے بعد education emergency نافذ
کردی کیوں کہ بہت سے لڑیں ہیں جنگ بدر میں ہتھیاروں اور ڈنڈوں کے ساتھ لڑے ہیں۔جو وہ قیدی تھی ان کو واپس
کرتے تھے تو پیسے ملتے تھے ، انہوں نے کہا تم دس لوگوں کو لکھا پڑھا دو تو تم آزاد ہو جاؤ گے۔یعنی ہتھیاروں
سے آگے انہوں نے تعلیم کے اوپر زور دیا ۔یہ جو چیز کر رہے ہیں یہ اسلام کے دائرے میں نہیں آتی لیکن بہرحال آیا
یہ جو terrorist activities کر رہی تھی آخر برطانیہ ان سے table پر بیٹھا ۔ آخر انہوں نے realize کیا کہ جنگ
بندوق سے یہ مسئلہ حل نہیں ہونے لگا۔ ان کے اوپر بھی یہی الزام لگتے تھے وہ بھی کوئی غلط حرکت نہیں کرتے
تھے terrorist ہیں لیکن ایک دفعہ peace talks ٹوٹیں پھر ٹوٹیں ، پھر ٹوٹیں eventually dialoge کامیاب
ہوگئے ۔ہم نے دس دن کے اندر ہی ختم کردیا۔ تیس لوگ بونیر پہنچے تو کہا کہ یہ تو اسلام آباد پہنچنے لگے ہیں اور
پورا groung relay کرکے وہ military actions کیے ہیں ۔ آپ ذرا سوچیں کہ آپ کی فیملیاں بونیر ، سوات میں
traps ہوئی ہوں آپ کے بیوی بچے ہوں۔اور وہاں بمباری کر رہے ہوں ہیوی گن کے شیلز اور ہیلی کاپٹرگن سے
بمباری ہو رہی ہو۔ میں نے وہاں جو لوگوں سے پوچھا جب میں وہاں مہاجر کیمپوں میں گیا سب اکثریت سے یہی کہہ
رہے تھے کہ اکثریت بے قصور لوگ مر رہے ہیں۔ہم کیسے یہ اپنے لوگوں پر کر رہے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ اس

کے re-procations نہیں ہوں گے۔ اس لیے میں آپ کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ نمبر ۱ اگر ہم نے اپنے ملک کو بچانا ہے تو ہمیں امریکہ کو کہنا پڑے گا کہ ہم آپ کی جنگ میں شرکت نہیں کرسکتے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب عمران خان: آپ اتنی hectic stratigy وہاں افغانستان میں plan کریں ۔ہم یہ جو مختلف گروپس ہیں دیکھیں کوئی ایک طالبان نہیں ہے جو لڑ رہا ہے وہ اپنے آپ کو طالبان کہتا ہے، جس میں phernor گھس گئے ہیں ، جس طرح کی یہ لوگ حرکتیں کر رہے ہیں سوات کے اندر یہ باقی جگہ تو نہیں کررہے ، سکول اگر اڑا رہے تھے تو ادھر اڑا رہے تھے، وزیرستان اور باقی ایجنسیوں میں تو کوئی سکول نہیں اڑا رہے تھے۔ علیحدہ علیحدہ گروپس ہیں اگر حامد کرزئی آج کہہ سکتا ہے کہ میں ملا عمر سے بات کرنے کے لیے تیار ہوں اور یہ کہہ سکتا ہے کہ طالبان اور القائد ہ میں فرق کرو تو ہم کیوں ان سے اتنے آگے بڑھ گئےہیں کہ ہم بات ہی کرنے کے لیے نہیں جا رہے، ہم سب سے بات کریں ان کو اپنے ساتھ ملائیں اور ہم ان میں سے باقی جو انتہاپسند ہیں ان کو morganlize کریں کیوں کہ یہاں دینی انتہاپسند بھی ہیں ۔بالکل ٹھیک ہے جو شرپسند ہیں ان کو چھوڑیں لیکن لوگوں کو تو اپنے ساتھ ملائیں۔ اس وقت پندرہ لاکھ مسلح قبائلی ہیں ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ ان کو اپنے ساتھ ملا کر اور جو یہ انتہا پسند ہیں ان کو morganilze کریں بجائے اس کے کہ وہ ایکشن کریں کہ ان کو ہم ادھر دوسری طرف دھکیل رہے ہیں جو ابھی ہم کر رہے ہیں اور ہم پاکستان کے اندر home ground policies لے کر آئیں جب تک ہماری اپنی home ground policies نہیں ہوں گیں جب تک ہم یہ بھکاریوں کی طرح جا کر ڈالر مانگ رہے ہیں شرم آتی ہے کہتےہیں جی اتنے پیسے ہمیں مل گئے ہیں پتا نہیں جس طرح آپ کی کوئی اپنی عزت ہی نہیں ہے کوئی ان کو شرم نہیں ہے۔ مجھے تو سمجھ نہیں آتی کہ یہ لوگ ایسے کیسے کر رہے ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب عمران خان: بھکاریوں کی طرح وہاں گھسے ہوئے ہیں ۔آصف زرداری statement دیتا ہے جاپان کے اندر ۔جاپان میں آصف زرداری کہتا ہے ۔آج بھی ایک statement آئی تھی help us to save the world کہ ہمیں ڈالرز دو تاکہ ہم دنیا کو بچا لیں یہ جو لوگ ہیں یہ دنیا کے لیے خطرہ ہیں۔ آپ خود سوچیں کہ وہ بے چارے جن کی نہ تعلیم ، نہ کوئی عقل ہے نہ کچھ ہے یہ اپنے آپ کو تو خطرہ کرسکتے ہیں دنیا کو یہ کیسے خطرہ پہنچا سکتے ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

دنیا کو خطرہ ہے ہمیں ڈالرز دو اور جیسے ہی بمباری شروع کی تو دیکھنا اب ہمارے ڈالرز صحیح استعمال ہو رہے ہیں۔ یہ ہیلری کلنٹن کی statement ہےNow they are doing a good job Pakistan اور مارو ان کو do more وہ کہہ رہے ہیں do more یہ کہہ رہے ہیں give me more, do more and give me more اور پاکستان کا بیڑا غرق کر رہے ہیں اس سے۔Independent Foreign policy خود داری پیدا کریں اپنے آپ میں، کسی قوم نے بھکاریوں کی طرح بھیک مانگ مانگ کر آج تک ترقی نہیں کی۔پاکستان میں reforms کی ضرورت ہے economic remorms, governance refarms, judicial refarms, refarms کریں بجائے یہ کہ پیسا مانگیں۔ آپ کا ملک بڑا امیر ہے، یہ غلط فہمی میں نہ رہیں کہ یہ غریب ملک ہے لیکن امیر ملک تو تب ہوگا جب آپ اس ملک کے resources کو take کریں بجائے جا کر قرضے لینے کے اور امداد لینے کے اور اس پر آپ گزارا کر رہے ہیں۔کینسر کا علاج ڈسپرین سے کر رہے ہیں۔ملک میں سرجری کی ضرورت ہے ۔

Madam Deputy Speaker: Honourable Sama Paras .

Madam Sama Paras Abbasi: Sir, your ……….I would to ask you a question that if your party would have been the rulling party right now. So, what would be a startigy exectally into stoping Dron Attacks in Northern Areas and Waziristan? That how would you cut the pressure of the Amrica and everyone like how exectally would you stop it. Thank you.

جناب عمران خان: میں کیسے روکوں گا۔ میں انہیں کہوں گا نہ کریں وہ نہی کریں گے۔ یہ تو اس وقت ہم نے ان کو اجازت دی ہوئی ہے لیکن یہ کہنا کہ دیکھیں جی کیا کر رہے ہیں وہ جو ان کی انٹیلجنس کمیٹی کی چیئرمین ہے

dine hinstian اس سے کانگریس میں پوچھا گیا کہ پاکستانی حکومت بڑی complaint کر رہی ہے ڈرون اٹیک کے اوپر ، آپ کیوں ڈرون اٹیکس کر رہے ہیں جب وہ اتنی complaint کر رہی ہے اس نے کہا پتا نہیں کیوں complaint کر رہے ہیں۔ ہم تو ان ہی کے basis سے اڑ کر ان ہی کو مار رہے ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جب ہماری basis سے اڑ رہے ہیں تو ہماری اجازت سے اڑ رہے ہیں ۔یہاں آپ کا ریڈار سسٹم ہے ، کوئی چیز آپ کی اجازت کے بغیر اڑ ہی نہیں سکتی۔اس نے کمیٹی کو کہا اور اس نے یہ understanding کہی کہ یہ اپنی public consumption کے لیے اس کو codmen کرتے ہیں تو اس لیے آپ کہتے ہیں کہ ہم کیسے کریں گے ۔ ہم تو کہہ دیں گے کہ آپ نہ کریں۔ اگر آپ یہ کریں گے تو ہم آپ کو اجازت نہیں دیں گے اور آپ کے basis یہاں سے ہٹا دیں گے۔صرف یہی ہوگا کہ ہمیں ڈالرز نہیں ملیں گے۔ میں تو یہ کہتا ہوں کہ یہ ڈالرز ہمارے ملک کے لیے لعنت ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

میں یہ آپ کو گارنٹی کرتا ہوں کہ یہ صرف اس لیے کر رہے ہیں کہ give me more میں آپ کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ پاکستانی قوم کا آپ کو اندازا نہیں ہے کہ ہماری اس قوم کا کتنا potential ہے۔ دیکھیں ابھی آٹھ ارب ڈالرز صرف overseas Pakistanis rmitances میں بھیجتے ہیں۔ ڈیڑھ ارب ڈالر امریکہ دے رہا ہے اگر آپ اس ملک میں خودداری پیدا کردیں یا پھر governance system ٹھیک کردیں۔ یہ جو چوری ، ڈاکے اور کرپشن ہے جو جو پاکستان کا کرپٹ ترین آدمی ہے آج بڑے سے بڑے عہدے پر بیٹھا ہوا ہے۔جن لوگوں نے اربوں روپے چوری کیے اور باہر بھاگے ہوئے تھے NRO کی گنگا میں نہا کر یہ نہیں کہ صرف ان کو پیسا ہی مل گیا ہے ۔انہوں نے پیسہ بھی اپنے پاس رکھ لیا ہے اور اس کے باوجود بڑے بڑے عہدوں پر بھی آ کر بیٹھ گئے ہیں۔جب آپ چوروں اور ڈاکوؤں کو اپنی فیکٹری کا مالک بنا دیں گے تو آپ کی فیکٹری بند ہو جائے گی تو ملک کیسے چل سکتا ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

یہ کیسے ہوسکتا ہے ۔ آپ مجھے بتائیں کہ crime کیسے رک سکتی ہے۔ اگر آپ معاشرے میں signal دیتے ہیں کہ crime base than crime multiplies اگر مغرب کے معاشرے کے اندر آج crime نہیں ہے ، اس لیے نہیں کہ وہ ہم سے اچھے لوگ ہیں۔ یہاں اس ملک کے لوگوں میں خدا کا زیادہ خوف ہے لیکن وہاں جو ان کا legal system ہے it ensure that crime doesn’t pay ان کی law enforcementپوری کوشش ہوتی ہےکہ جو بھی crime کرے پکڑا جائے تو جب Crime obay نہیں کرتی تو اس ملک کے اندر ایمانداری آتی ہے اب جب آپ کے اوپر لوگ مسلط ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے Bank Accounts سارے بیرون ملک میں ہیں ۔ ایک اور بھی چیز دیکھیں کہ لوگوں سے قربانیاں مانگی جا رہی ہیں ۔ جب وہ ہر بار بجلی کی قیمت بڑھانے لگتے ہیں تو کہتے ہیں کہ قوم کو ایک اور کڑوی گولی کھانی پڑے گی لیکن اپنا سارا پیسہ باہر پڑا ہے ۔آپ کے سارے بڑے بڑے political Houses کا پیسہ باہر پڑا ہے اور جائیدادیں بھی باہر ہیں۔ایک classic example ہے شوکت عزیز کا کہ اس کی پاکستان میں کیا commitments تھیں۔ نہ اس کا گھر یہاں ، خیر اس نے بعد میں یہاں ایک گھر تو لے ہی لیا تھا لیکن تمام پیسے باہر ، یہاں سے جوں ہی فارغ ہوا سیدھا باہر۔تو اس کی پاکستان کے ساتھ کیا commitments تھیں؟ پہلے تو پاکستان کے اندر ایک قانون ہونا چاہیے کہ آپ پاکستان میں کسی بھی سطح کا الیکشن لڑ نہیں سکتے جب تک آپ کی ساری جائیداد پاکستان میں نہ ہو ،آپ کے سارے بینک اکاؤنٹس پاکستان میں نہ ہوں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

اور آپ کو خود پتا ہو کہ آپ ٹیکس کتنا دیتے ہیں۔ آپ کا ذریعہ معاش کیا ہے ،آپ کا ٹیکس کتنا ہے۔ آپ کی source of income کیا ہے ، آپ کا ٹیکس اور آپ کے assets declare نہ ہوں۔ آپ مجھے بتائیں یہاں کس کے assets declear ہیں آپ اگر ان کے اثاثے دیکھیں تو کہ ہمارے بڑے بڑے لوگوں کے تو آپ کو شاید ان کو چندہ دینا پڑجائے ۔ آپ کو پتا چلے گا کہ وہ بے چارے بالکل بھوکے ننگے ہیں۔چوں کہ بہت بڑا پاکستان میں Tax invision کا ذریعہ ہے اور وہ یہ ہے بے نامی اکاؤنٹس ۔ اپنے نام پر کچھ رکھنا نہیں پیسے بچانے کے لیے اور یہ چھپانے کے لیے کہ میری source of income کیا ہے اور میرے Assets کتنے ہیں ۔دوسروں کے نام پر اپنے assets transfer کردیتے ہیں۔ یہ جو بے نامی اکاؤنٹس ہیں یاد رکھیں انشاء اللہ تحریک انصاف اگر power میں آتی ہے تو کیا کرے گی۔ سب سے پہلے اپنے revenues and expenditure کو balance کرے گی۔وہ کیسے ، کوئی قرضے لینے کی ضرورت نہیں ہے ۔صرف اور صرف یہ کریں کہ خود ٹیکس دیں ، جو عوام کا ٹیکس ہے اس کا صحیح استعمال کریں۔ جتنے بڑے بڑے Governor Houses, Chief Ministers, President, Prime Minister Houses یہ جو شان و شوکت کے جو یہ symbols ہیں یہ بند کردیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

تاکہ یہ احتیاط کریں۔یہ غریب ملک ہے اگر حکومت کے پاس پیسہ نہیں تو پہلے اپنے سے قربانی شروع کریں اور اپنا بتائیں کہ آپ کتنا ٹیکس دیتے ہیں ۔سب بے نامی اکاؤنٹس ختم کردیں۔ یہی جو میں نے کہا ہے کہ کوئی الیکشن نہ لڑے

جب تک وہ اپنا سارا کچھ پاکستان میں نہ رکھے۔ اس کے بعد آپ overseas Pakistanis کو اپیل کریں کہ پاکستانی بینکوں میں اپنے پیسے رکھوائیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کسی ک اندازا نہیں ہے کہ آپ کے ملک میں لوگوں کے پاس کتنا پیسہ ہے اور اس ملک میں کتنا potential ہے ۔ اس کے بعد reforms کریں پاکستان میں education emergency announce کریں، تعلیم کا اتنا بڑا پرابلم ہے اس وقت پاکستان میں کوئی Realize ہی نہیں کر رہا کہ government states pool structure collaps کر گیا ہے پاکستان میں ۔سرکاری سکولوں کی تعلیم ٹھیک کریں۔ عام آدمی کو تعلیم دیں۔ کوالٹی کی تعلیم دیں یہ ہوسکتا ہے ۔ Law and Order, law enforcement, judicial system ٹھیک کریں ۔ ٹیکس کا سسٹم ٹھیک کریں، امیروں سے ٹیکس لیں اور غریبوں پر خرچ کریں۔آج پاکستان میں غریبوں سے ٹیکس لے کر امیروں کو ہم subsidizeکر رہے ہیں ۔opposite ہے ۔ یہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان میں یہ جو آج ہم کر رہے ہیں کہ باہر سے تنخواہ لے کر اپنی فوج سے اپنے لوگ مروا رہے ہیں اور پھر do more کے لیے بھی ہمیں کہہ رہے ہیں۔تو ایسی ذلت کی زندگی گزارنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Deputy Speaker: Sofia Saeed.

محترمہ صوفیہ سعید:. Thank you Madam Speaker. میں یہ پوچھنا چاہوں گی کہ انہوں نے potential کی بات کی ہے اور دوسرا آپ کی پارٹی کا منشور ہے ۔کیا آپ حکومت کو support نہیں کرتے۔تو عوام کو کسی تحریک کے لیے کسی چیز کے خلاف کھڑا ہونے کے لیے leadership چاہیے ہوتی ہے اور ساتھ ساتھ ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ہم صرف ڈرون اٹیک کے بارے میں بات کرتے ہیں اور war of terriorکے خلاف ہم کچھ نہیں کرپاتے تو اگر آپ نے لانگ مارچ میں اپنی leadership provde کی ہے تو آپ اس تحریک کے لیے اپنی leadership کیوں نہیں provide کرتے۔

جناب عمران خان: دیکھیں terrorism کے خلاف لانگ مارچ کیسے کریں گے، کدھر جائیں گے ۔

محترمہ صوفیہ سعید: میں لانگ مارچ کی بات نہیں کررہی ۔ میں یہ کہہ رہی ہوں کہ اگر عوامی طاقت دکھا کر ہم war against terrior سے withdraw کرسکتے ہیں۔تو آپ اس تحریک کے لیے عوام کو leadership کیوں نہیں provide کرتے۔

